بلوچستان سے اردو اور بلوچی میں شائع ہونے والا واحد قومی اخبار

Email: guldastabahar@gmail.com

روزنامہ

گلدستہ بہار کوئٹہ

ABC Certified

DAILY GULDASTA BAHAR

ایڈیٹر :۔ کاشف مراد قلندرانی

جلد نمبر 21 | بروز منگل 15 ستمبر 2026ء / 2 ربیع الثانی 1448ھ / قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 247

فیلڈ مارشل سے چیف آف دی انڈونیشین نیول چیف کی ملاقات

ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی کے امور، علاقائی سلامتی اور دوطرفہ دفاعی تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا

موجودہ عسکری تعلقات پر اطمینان کا اظہار اور تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا

راولپنڈی (جی این ایم) چیف آف دی انڈونیشین نیوی ایڈمرل ڈاکٹر محمد علی نے جی ایچ کیو راولپنڈی میں چیف آف آرمی اسٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقات، ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی کے امور، علاقائی سلامتی اور دوطرفہ دفاعی تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کی جانب سے جاری بیان کے مطابق دونوں جانب سے موجودہ عسکری تعلقات پر اطمینان کا اظہار اور تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا، تعاون کو بالخصوص پیشہ ورانہ تربیت، دفاعی تعاون اور مشترکہ مشقوں کے شعبوں میں مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ بیان کے مطابق چیف آف آرمی اسٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز نے انڈونیشیا کے ساتھ دیرینہ اور برادرانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

اسلام آباد جا رہے ہیں صرف ہاتھ لگا کر واپس نہیں آئیں گے، حافظ نعیم الرحمان

حکومت مارچ میں رکاوٹ ڈالنے سے گریز کرے، بصورت دیگر اس کی ذمہ داری ان پر ہوگی، مرکزی امیر جماعت اسلامی

لاہور (جی این ایم) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ شرح سود میں کم از کم 3 فیصد کمی کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت 20 ستمبر کے اسلام آباد مارچ میں رکاوٹ ڈالنے سے گریز کرے، بصورت دیگر اس کی ذمہ داری حکومت پر ہوگی، جماعت (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

راولپنڈی: فیلڈ مارشل جنرل سید عاصم منیر سے انڈونیشین نیوی کے چیف ایڈمرل ڈاکٹر محمد علی ملاقات کر رہے ہیں

مقدمات کی جلد سماعت کیلئے شام کو بھی عدالتی بینچ بیٹھے گا، چیف جسٹس

مقدمات مقرر کرنے کی پالیسی ویب پر ڈال دی گئی ہے، اب میرے کہنے پر بھی کوئی مقدمہ مقرر نہیں ہوتا

شریعت اپیلیٹ بینچ ہر دو ماہ میں ایک ہفتے کے لئے بیٹھے گا، جسٹس یحییٰ آفریدی کا فل کورٹ اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (جی این ایم) چیف جسٹس پاکستان، جسٹس یحییٰ آفریدی نے کہا ہے کہ مقدمات کی جلد سماعت کیلئے شام کو بھی عدالتی بینچ بیٹھے گا، مقدمات مقرر کرنے کی پالیسی ویب پر ڈال دی گئی ہے اور اب میرے کہنے پر بھی کوئی مقدمہ مقرر نہیں ہوتا۔ فل کورٹ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے چیف جسٹس پاکستان نے کہا کہ یہ کہا جاتا ہے کہ ججز 3 ماہ کی چھٹیاں کرتے ہیں، کس نے کہا کہ ججز 3 ماہ کی چھٹی کرتے ہیں؟ ججز 3 ماہ کے عرصے کے اندر ایک ماہ کی چھٹی کرتے ہیں۔ چیف جسٹس نے بتایا کہ ایک بینچ کے سامنے ایک ہی روز میں 75 مقدمات مقرر ہوئے۔ مقدمات مقرر کرنے کی پالیسی ویب پر موجود ہے جبکہ 2 افسران کاز لسٹ میں آنے والے مقدمات کو دوبارہ چیک کرتے ہیں۔ چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نے کہا کہ جلد سماعت کی درخواستوں کیلئے ایک بینچ تشکیل دیا جا رہا ہے۔ جلد سماعت کے مقدمات سننے کے لیے شام کے وقت بھی بینچ بیٹھے گا۔ چیف جسٹس نے مزید کہا کہ شریعت اپیلیٹ بینچ ہر دو ماہ میں ایک ہفتے کے لئے بیٹھے گا۔

وزیراعظم عصر حاضر کے چیلنجز سے نمٹنے اور خوشحال مستقبل کیلئے بہترین پارلیمانی روایات کا فروغ ناگزیر ہے

عالمی سطح پر پاکستان اپنی بین الاقوامی ذمہ داریوں کا ادراک رکھتا ہے اقوام متحدہ کے متعین کردہ پائیدار ترقی کے اہداف بشمول جمہوریت کا فروغ، امن و انصاف اور مضبوط اداروں کے قیام کے لیے پاکستان مربوط کاوشیں کر رہا ہے

آئیے آج کے دن عہد کریں کہ ہم بہترین پارلیمانی روایات سے ہم آہنگ جمہوری اقدار کے فروغ، شہریوں کے بنیادی حقوق کے تحفظ اور ملک کے لیے ایک خوشحال مستقبل کی تعمیر کے لیے مشترکہ سفر جاری رکھیں گے

اسلام آباد (جی این ایم) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے جمہوریت کی بنیادی اقدار، مساوات، انصاف اور آزادی کے فروغ، عوامی رائے کے احترام، انسانی وقار کے تحفظ اور قانون کی بالادستی سے وابستگی کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ موجودہ دور کے چیلنجز کا مؤثر طور پر مقابلہ کرنے اور ایک خوشحال مستقبل کو یقینی بنانے کے لیے ضروری ہے کہ ہم عوامی فلاح کی ضامن بنیادی جمہوری اقدار کو مضبوطی سے تھامے رکھیں، عہد کریں کہ ہم بہترین پارلیمانی روایات سے ہم آہنگ جمہوری اقدار کے فروغ، شہریوں کے بنیادی حقوق کے تحفظ اور ملک کے لیے ایک خوشحال مستقبل کی تعمیر (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف موٹر سائیکلوں، رکشوں اور 800 سی سی کاروں کیلئے ریلیف پیکج کے حوالے سے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وزیراعلیٰ مریم نواز کا عوام کیلئے وزیراعظم ریلیف پیکیج کا خیرمقدم، نواز شریف کا بھی شکریہ

مشکل کی گھڑی میں عوام کیلئے مسلم لیگ ن کی قیادت کا احساس قابل تحسین ہے، بیان

لاہور (جی این ایم) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے عوام کیلئے وزیراعظم ریلیف پیکیج کا خیرمقدم کیا ہے۔ اپنے بیان میں وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے وزیراعظم ریلیف پیکیج پر قائد محمد نواز شریف کا بھی شکریہ ادا کیا اور کہا کہ مشکل کی گھڑی میں عوام کے لئے پاکستان مسلم لیگ ن کی قیادت کا احساس قابل تحسین ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی منڈی میں تیل کے نرخ میں (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف کی موجودگی میں پاکستان اور لبنان کے درمیان قیدیوں کی منتقلی کے معاہدے دستخط کئے جا رہے ہیں

وزیراعظم ٹاسک فورس برائے بحری اصلاحات سے پورٹ قاسم کی کارکردگی میں نمایاں بہتری

پورٹ قاسم کی کارگو ہینڈلنگ 45 ملین ٹن سے بڑھ کر 47 ملین ٹن تک پہنچ گئی

اسلام آباد (جی این ایم) وزیراعظم ٹاسک فورس برائے بحری اصلاحات کے تحت پورٹ قاسم کی کارکردگی میں نمایاں بہتری سامنے آئی ہے اور کارگو ہینڈلنگ میں بہتری ریکارڈ کی گئی ہے۔ پورٹ قاسم کی کارگو ہینڈلنگ 45 ملین ٹن سے بڑھ کر 47 ملین ٹن تک پہنچ گئی ہے، جبکہ بحری راستوں میں مطلوبہ گہرائی برقرار رکھنے کے لئے مسلسل ڈریجنگ کا عمل بھی جاری ہے۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

وزیراعظم خصوصی ریلیف سکیم کے تحت حکومت عوام کو ریلیف فراہم کر رہی ہے، شزہ فاطمہ

موٹر سائیکل والے ہفتے میں ایک بار اور گاڑی والے ہر 10 دن میں ایک بار پیٹرول پر سبسڈی حاصل کر سکتے ہیں، گاڑی کیلئے 10 لیٹر اور بائیک کیلئے 5 لیٹر کا ٹوکن ہوگا

اسکیم کے تحت 2 ویلر، 3 ویلر اور 800 سی سی تک کی گاڑی والوں کو ریلیف دیا جائیگا، پروگرام دو حصوں میں تقسیم ہے، وفاقی وزراء کے ہمراہ مشترکہ پریس کانفرنس

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی (آئی ٹی) شزا فاطمہ خواجہ نے کہا ہے کہ وزیراعظم کی خصوصی ریلیف سکیم کے تحت موٹر سائیکل والے ہفتے میں ایک بار اور گاڑی والے ہر 10 دن میں ایک بار پیٹرول پر دی گئی سبسڈی حاصل کر سکتے ہیں، گاڑی کیلئے 10 لیٹر اور بائیک کیلئے 5 لیٹر کا ٹوکن ہوگا۔ اسکیم کے تحت 2 ویلر، 3 ویلر اور 800 سی سی تک کی گاڑی والوں کو ریلیف دیا جائیگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر کو وفاقی وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ اور وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک کے ہمراہ مشترکہ پریس کانفرنس میں کیا۔ شزا فاطمہ نے کہا کہ (باقی صفحہ 2 نمبر 33)

بیلا، بلوچستان کی قومی شاہراہوں پر ایک روز میں 54 ٹریفک حادثات، 74 افراد زخمی اور ایک جاں بحق

ژوب اور خضدار میں سب سے زیادہ حادثات رپورٹ ہوئے، ریسکیو 1122 کے ٹراما سینٹرز نے زخمیوں کو فوری طبی امداد فراہم کی

بیلا (یو این اے) بلوچستان کی شاہراہوں پر ایک روز میں 54 ٹریفک حادثات، 74 افراد زخمی، ایک جاں بحق۔ بلوچستان کی مختلف قومی شاہراہوں اور ہائی ویز پر 12 ستمبر کو پیش آنے والے 54 ٹریفک حادثات میں مجموعی طور پر 74 افراد زخمی جبکہ ایک شخص (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

جعلی وزیراعلیٰ کو 3 صوبوں سے خطرہ مگر بھارت سے نہیں، سہیل آفریدی

پنجاب کے عوام میرے ہیں، پنجاب میرا ہے، میں پنجابیوں کا ہوں، مجھے کوئی خطرہ نہیں ہے

لاہور (جی این ایم) خیبرپختونخواہ کے وزیراعلیٰ سہیل آفریدی نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے حالیہ بیان اور پنجاب حکومت کی انتظامی پالیسیوں کو سخت ترین تنقید کا نشانہ بنا ڈالا۔ لاہور آمد کے موقع پر میڈیا اور کارکنان سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جن لوگوں (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

پٹرول کی قیمتوں میں روزانہ اضافے

پر وفاق اور اوگرا کو نوٹس جاری

لاہور (جی این ایم) لاہور ہائیکورٹ نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے خلاف درخواست پر وفاق اور (باقی صفحہ 2 نمبر 32)

پمز سانحہ، ذمہ داروں کے خلاف 24 گھنٹوں میں ایف آئی آر درج کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (جی این ایم) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی میں پمز سانحے پر بحث کے دوران ذمہ داروں کے خلاف کارروائی نہ ہونے پر شدید سوالات اٹھائے گئے، کمیٹی نے ذمہ دار افراد کے نام ایگزٹ کنٹرول لسٹ میں ڈالنے کی سفارش (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

گنداخہ، کھیرتھر کینال کی ذیلی نہروں میں پانی کی شدید کمی

چار ماہ سے نہروں کے ٹیلوں تک پانی نہ پہنچنے سے فصلیں تباہ اور پینے کا پانی نایاب ہوگیا، محکمہ آبپاشی فوری پانی فراہم کرے، مظاہرین

گنداخہ (یو این اے) گنداخہ میں کھیرتھر کینال سے نکلنے والی ذیلی نہروں میں پانی کی شدید قلت اور عدم دستیابی کے خلاف جمعیت علمائے اسلام تحصیل گنداخہ کی جانب سے پریس کلب چوک پر ایک احتجاجی کیمپ قائم کر دیا گیا۔ اس احتجاجی کیمپ میں جے یو آئی کے کارکنان، بڑی تعداد میں کاشتکاروں اور مقامی علاقہ مکینوں نے بھرپور شرکت کی۔ یہ احتجاجی کیمپ (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

ژوب، عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے زیر اہتمام سالانہ ختم نبوت تقریری مسابقہ منعقد

مختلف دینی و عصری اداروں کے 30 سے زائد طلبہ کی شرکت، نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ میں نقد انعامات تقسیم

ژوب (یو این اے) عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت ژوب کے زیر اہتمام، خادم ختم نبوت عطا اللہ، مبلغ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت ژوب کی نگرانی اور مولانا آدم خان، امیر عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت ژوب کی سرپرستی میں آل ژوب سکولز، کالجز اور مدارس کے طلباء کے درمیان سالانہ عظیم الشان ختم نبوت تقریری مسابقہ منعقد ہوا۔ مسابقے میں ژوب کے مختلف دینی و عصری تعلیمی اداروں سے (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

امن دشمن عناصر کو کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا، وزیراعلیٰ بلوچستان

مستونگ میں سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی دہشت گردوں کے لیے واضح پیغام ہے، ریاست امن دشمن قوتوں کو بلوچستان میں اپنے مذموم عزائم کی تکمیل کی اجازت نہیں دے گی

سیکیورٹی فورسز نے مستونگ میں فتنہ الہندوستان کے خلاف کارروائی کے دوران کمانڈر نقیب سمیت تین دہشت گردوں کو ہلاک کر کے ایک اہم کامیابی حاصل کی ہے، کارروائی پر اطمینان کا اظہار

کوئٹہ (اے این این) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ضلع مستونگ میں فتنہ الہندوستان کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گرد عناصر کے خلاف بروقت اور مؤثر کارروائی ریاستی اداروں کے پختہ عزم اور پیشہ ورانہ صلاحیت کی عکاس ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے مستونگ میں فتنہ الہندوستان کے خلاف (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

مستونگ میں فتنہ الہندوستان کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کارروائی قابل فخر ہے، بابر یوسفزئی

امن دشمن عناصر کو بلوچستان کا امن تباہ کرنے کی اجازت نہیں دیں گے، معاون برائے داخلہ

کوئٹہ (یو این اے) معاون برائے داخلہ بلوچستان بابر یوسفزئی نے مستونگ (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

سیوی میں خواتین کے مسائل کے حل کیلئے 16 ستمبر کو خصوصی کھلی کچہری کا انعقاد

خواتین اپنے مسائل براہِ راست ڈپٹی کمشنر اور ضلعی افسران کے سامنے پیش کر سکیں گی

سیوی (جی این ایم) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی خصوصی ہدایت پر ضلع سیوی میں خواتین کے مسائل کے فوری اور بروقت حل کے لیے خصوصی کھلی کچہری کا انعقاد کیا جائے گا۔ خصوصی کھلی کچہری 16 ستمبر کو صبح 11 بجے سرکٹ (باقی صفحہ 2 نمبر 31)

مشیر وزیراعلیٰ بلوچستان نسیم الرحمان ملاخیل کی سید خلیل الرحمان مرحوم کے اہلخانہ سے تعزیت

سید خلیل الرحمان نے حق و سچ کی صحافت اور محروم طبقات کی ترجمانی میں نمایاں کردار ادا کیا، نسیم ملاخیل

کوئٹہ (جی این ایم) وزیراعلیٰ بلوچستان کے مشیر برائے ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی نسیم الرحمان خان ملاخیل نے گزشتہ روز لاہور کے دورے کے دوران روزنامہ جنگ کوئٹہ کے چیئرمین ایڈیٹوریل کمیٹی، سینئر صحافی سید خلیل الرحمان مرحوم کے بھائی سید احمد علی کی رہائش گاہ (باقی صفحہ 2 نمبر 30)

وندر، مسافر کوچ اور گیس باؤزر میں تصادم کے نتیجے میں 2 افراد جاں بحق جبکہ 15 زخمی

خواتین و بچوں سمیت 15 سے زائد افراد زخمی ہوگئے جن میں سے چار کی حالت تشویشناک بتائی جاتی ہے

وندر (اے این این) کھرکھیرا کسٹم کے قریب مسافر کوچ اور گیس باؤزر میں خوفناک تصادم دونوں ڈرائیور جاں بحق 15 سے زائد افراد زخمی ہیں جن میں بچے اور خواتین بھی شامل ہیں۔ پیر کے روز وندر کے قریب مین قومی شاہراہ کھرکھیڑہ کسٹم کے قریب کراچی سے کوئٹہ جانے (باقی صفحہ 2 نمبر 29)

احتجاج، اسلام آباد کی سکیورٹی کیلئے صوبوں سے 23 ہزار پولیس اہلکار طلب

ممکنہ احتجاجی مظاہروں اور ریلیوں سے نمٹنے کے لئے ایک ہزار سے زائد کنٹینرز کا انتظام کیا جا رہا ہے

اسلام آباد (جی این ایم) اسلام آباد میں سیاسی و عوامی سرگرمیوں کے متوقع انعقاد کے پیش نظر وفاقی دارالحکومت میں سکیورٹی انتظامات سخت کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اس ضمن میں وفاقی حکومت نے پنجاب، سندھ اور بلوچستان سے مجموعی طور پر 23 ہزار 500 پولیس اہلکار (باقی صفحہ 2 نمبر 27)

ڈاکٹر ربابہ بلیدی کا ویمن اینڈ جوینائل فسیلیٹیشن سینٹر کا دورہ، سہولیات کا جائزہ

خواتین اور بچوں کو محفوظ و باوقار ماحول کی فراہمی حکومت کی اہم ذمہ داری ہے، ربابہ بلیدی

کوئٹہ (جی این ایم) صوبائی مشیر برائے محکمہ ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے پیر کے روز ویمن اینڈ جوینائل فسیلیٹیشن سینٹر کا دورہ کیا اور مرکز کے مختلف شعبوں کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر اے آئی جی جینڈر اسرار احمد عمرانی اور سینٹر انچارج شازیہ عمران نے صوبائی مشیر کو مرکز (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

اسلام آباد: صدر آصف علی زرداری سے انڈونیشیا کی بحریہ کے سربراہ ایڈمرل ڈاکٹر محمد علی ملاقات کر رہے ہیں

کسی سیاسی جماعت یا پبلک آفس ہولڈر کو سڑکیں بند کرنے کا اختیار نہیں، اسلام آباد ہائیکورٹ

کوئی سرکاری افسر احتجاج یا ریلی پر مجبور کرنے والے حکم پر عمل نہ کرے، 27 ستمبر احتجاج کیخلاف درخواست نمٹا دی گئی

اسلام آباد (جی این ایم) اسلام آباد ہائیکورٹ نے 27 ستمبر احتجاج کے خلاف درخواست ہدایات کے ساتھ نمٹا دی، عدالت نے کہا کہ کسی سیاسی جماعت یا پبلک آفس ہولڈر کو سڑکیں بند کرنے کا اختیار نہیں، وزرائے اعلیٰ یقینی بنائیں سیاسی جماعت کے احتجاج میں سرکاری مشینری (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

ایران نے جنگ شروع نہیں کی، دفاع پر مجبور ہوا، صدر مسعود پزشکیان

تہران جوہری ہتھیار حاصل کرنے کی کوشش نہیں کر رہا، امریکی، اسرائیلی حملے عالمی قوانین و انسانی اصولوں کی خلاف ورزی ہے

تہران (جی این ایم) ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ ایران نے جنگ شروع نہیں کی بلکہ امریکہ اور اسرائیل کی جارحیت کے خلاف دفاع پر مجبور ہوا۔ ایک بھارتی ٹی وی (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

URAAN PAKISTAN

مشرق وسطیٰ میں جنگ کے باعث پٹرول کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے کا بوجھ کم کرنے کے لیے

مہنگے پٹرول سے نجات کا تاریخی اقدام

وزیراعظم کی خصوصی ریلیف اسکیم

پٹرول 100 روپے فی لیٹر سستا

موٹر سائیکل، چنگچی، رکشہ اور تین پہیوں والی سواریاں چلانے والے اور 800 سی سی تک گاڑیوں کے مالکان

ون ٹائم رجسٹریشن کے لیے اپنے شناختی کارڈ پر رجسٹرڈ موبائل نمبر سے REG لکھ کر space دیں

Step: 1 اپنا قومی شناختی کارڈ نمبر

Step: 2 بغیر space کے نمبر پلیٹ

Step: 3 صوبے کے نام کا پہلا حرف جہاں آپ کی گاڑی رجسٹرڈ ہے

Step: 4 وہیکل رجسٹریشن کی تاریخ بمعہ مہینہ اور سال DDMMYYYY

چاروں تفصیلات اسپیسز کے ساتھ ایک ہی میسج میں لکھ کر 9771 پر SMS کریں

شیڈول:

موٹر سائیکل، چنگچی، رکشہ اور تین پہیوں والی سواریاں چلانے والے ہر ہفتے یکمشت 5 لیٹر پٹرول پر ریلیف حاصل کر سکتے ہیں جبکہ ماہانہ مجموعی طور پر 20 لیٹر پٹرول رعایتی قیمت پر حاصل کر سکتے ہیں۔

800 سی سی تک گاڑیوں کے مالکان 10 دن میں ایک مرتبہ یکمشت 10 لیٹر پٹرول پر ریلیف حاصل کر سکتے ہیں جبکہ ماہانہ مجموعی طور پر 30 لیٹر پٹرول رعایتی قیمت پر حاصل کر سکتے ہیں۔

- اسلام آباد میں آج سے پٹرول پر ریلیف کا آغاز ہو چکا ہے جبکہ
- ملک بھر بشمول آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں 16 اور 17 ستمبر کی درمیانی شب 12 بجے سے پٹرول پر ریلیف حاصل کیا جا سکے گا۔

صوبے کے نام کا پہلا حرف:

اسلام آباد I، آزاد جموں و کشمیر A، گلگت بلتستان G، سندھ S، پنجاب P، خیبرپختونخوا K، بلوچستان B

ٹوکن لینے کا طریقہ

رجسٹریشن کے بعد پٹرول ریلیف حاصل کرنے کے لیے پٹرول پمپ جانے سے پہلے TOK لکھ کر 9771 پر بھیج دیں۔

موصول ہونے والے میسج میں ٹوکن نمبر، گاڑی کا رجسٹریشن نمبر، پٹرول کی مقدار اور ٹوکن استعمال کرنے کی مدت درج ہوگی۔

رعایتی پٹرول کا حصول

ٹوکن پٹرول پمپ پر دکھا کر آپ رعایتی قیمت پر پٹرول حاصل کر سکتے ہیں۔

مزید معلومات کے لیے www.pmfuelrelief.pk وزٹ کریں یا QR اسکین کریں

وزارت اطلاعات و نشریات حکومتِ پاکستان

/GovtofPakistan www.moib.gov.pk

PID (I) 2509-D/26

Email: guldastabahar@gmail.com

بلوچستان سے اردو اور بلوچی میں شائع ہونے والا واحد قومی اخبار

ABC Certified

روزنامہ
گلدستہ بہار کوئٹہ

DAILY GULDASTA BAHAR

ایڈیٹر:۔ کاشف مراد قلندرانی

ایڈیٹرانچیف ایم۔ندیم قلندرانی نے دفتر روزنامہ گلدستہ بہار قمبرانی روڈ سے شائع کیا

فون نمبر:۔ 03363522116, 03345757077.

E-Address: guldastabahar123@gmail.com

اسکول کے اوقات میں گیم اور سنوکر ہال کھلنے کا انکشاف

صحبت پور ضلع بھر تعلیم کے اوقات میں گیم۔سنوکر منی وی سی آر کھلے ہوئے بچے تعلیم کے بجائے گندی صحبت میں آنے لگیا ساتذہ کے بچے سرکاری کے بجائے پراوئٹ اداروں میں پڑھنے کا انشکاف غریب کے بچے رل رہے ہیں تفصیلات کے مطابق تعلیم نظام صحبت پور سمیت تحصیل پہنور سنہڑی۔ تحصیل مانجھی پور۔ تحصیل سعید خان۔ تحصیل فرید آباد تحصیل جیا خان کے علاقوں میں ہزاروں بوائز گرلز اسکول بنیادی سہولات سے محروم کسی میں تعلمی ادارے میں چار دیواری نہیں تو کئی اسکول بند پڑے ہیں۔اور رہی صح کسر گیم۔اسنوکر۔منی وی سی آر نے اسکول کے اوقات میں کھلے عام کھلے رہنے کی وجہ سے بچے اسکول بیگ رکھ کر گیم کھیلنا۔سنوکر پر جانا معمول بنا لیا ہے۔انکشاف ہوا ہے کئی اساتذہ کے بچے پراوئٹ اداروں میں پڑھتے ہیں غریب کے بچے رل رہے ہیں کھیل کا میدان ہے کہ نامکمل ہیپارک کو تالا ہے بچے گیم اور سنوکر پر وقت گزارتے ہیں۔اساتذہ زیاد آتے نہیں وہ چائے پینے تک محدود ہوتے ہیں کچھ اساتذہ اور دیگر محکمے کے ملازم ٹھیکیدار ہیں کسی نے اہلیہ کسی نے بھتیجے کے نام پر کمپنی بنا رکھی ہے۔کوئی اسکول کے وقت کاروبار چلاتے ہیں۔صحبت پور کے سیاسی سماجی حلقوں نے صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی سیکریٹری تعلیم حاجی لعل جان جعفر سے صحبت پور تعلیم کی تباہی کا نوٹس کی اپیل کی ہے۔صحبت پور ضلع بھر تعلیم کے اوقات میں گیم۔سنوکر منی وی سی آر کھلے ہوئے بچے تعلیم کے بجائے گندی صحبت میں آنے لگیا ساتذہ کے بچے سرکاری کے بجائے پراوئٹ اداروں میں پڑھنے کا انشکاف غریب کے بچے رل رہے ہیں۔

بقیہ 1

کے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا، چیف آف آرمی اسٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز نے بالخصوص دفاع اور سلامتی کے شعبوں میں تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔م آئی ایس پی آر نے کے مطابق ایڈمرل ڈاکٹر محمد علی نے پاک فوج کی پیشہ ورانہ مہارت کو سراہا، ایڈمرل ڈاکٹر محمد علی نے علاقائی امن اور استحکام کے لیے پاک فوج کی خدمات کا اعتراف کیا۔

بقیہ 2

اسلامی مستقل مزاجی سے قوم کا مقدمہ لڑ رہی ہے، کارکن اور اسپورٹرز تمام تر حالات میں ڈٹے ہوئے ہیں، اسلام آباد جا رہے ہیں اور صرف ہاتھ لگا کر واپس نہیں آئیں گے۔لاہور میں دھرنے کے مقام پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ انہوں نے کہا کہ پیٹرولیم لیوی کا مکمل خاتمہ جماعت اسلامی کا بنیادی مطالبہ ہے اور حکومت کی جانب سے دیا گیا ریلیف پیکیج خوش آئند تاہم ناکافی ہے۔ ملک بھر میں پیٹرولیم لیوی کے خلاف دھرنوں کی تعداد 40 ہوگئی ہے اور احتجاج کا 30 واں روز ہے۔ دھرنے اب ایک قومی تحریک کی شکل اختیار کر چکے ہیں، جن میں خواتین سمیت عوام کی شرکت روز بروز بڑھ رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ حکومت نے مذاکرات کے لیے مزید ایک دن کا وقت مانگا ہے، مذاکرات آج ہوں یا کل، جماعت اسلامی کا واضح مطالبہ ہے کہ پیٹرولیم لیوی ختم کی جائے۔ حکومت کا یہ کہنا کہ لیوی ختم کرنے کی صورت میں اخراجات کیسے پورے ہوں گے، قابل قبول جواب نہیں، کیونکہ جماعت اسلامی کی مذاکراتی ٹیم لیوی کے متبادل سمیت 6 تجاویز حکومت کو دے چکی ہے۔حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ حکومت نے ریلیف پیکیج کے لیے 500 ارب روپے کی بچت استعمال کرنے کا فیصلہ کیا ہے، تاہم مہنگائی کے موجودہ حالات میں فی لیٹر 100 روپے کا ریلیف بھی ناکافی ہے۔ ریلیف پیکیج سے زیادہ ضروری لیوی کا خاتمہ ہے۔حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ جماعت اسلامی کے دھرنے جاری رہیں گے اور حکومت سے مذاکرات بھی ساتھ ساتھ ہوں گے۔ 20 ستمبر کے اسلام آباد مارچ کی تیاریاں مکمل ہیں، جماعت اسلامی اسلام آباد پہنچ کر صرف احتجاج کر کے واپس نہیں آئے گی بلکہ عوام کو ریلیف دلانے کے لیے اپنا احتجاج جاری رکھے گی۔انہوں نے کہا جماعت اسلامی کی تحریک ملک بھر میں جاری ہے اور کارکن مشکل حالات کے باوجود اپنے مطالبات کے لئے ڈٹے ہوئے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ مالاکنڈ، چترال اور بلوچستان میں بھی بدترین حالات کے باوجود دھرنے جاری ہیں، جس سے واضح ہوتا ہے کہ کارکن اپنے موقف پر ثابت قدم ہیں۔حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ جماعت اسلامی اسلام آباد کی جانب بڑھ رہی ہے اور وہاں صرف رسمی طور پر پہنچ کر واپس نہیں آئے گی بلکہ اپنے مطالبات کے حصول تک جدوجہد جاری رکھے گی ۔جماعت اسلامی پرامن جماعت ہے تاہم کارکن گرفتاریوں اور قربانیوں کے لیے تیار ہیں۔تمام اپوزیشن جماعتوں کو عوامی مسائل پر متحد ہونے کی ضرورت ہے۔پی ٹی آئی سمیت تمام سیاسی جماعتوں کو آئینی وقانونی طور پر احتجاج کا حق ملنا چاہیے۔شرح سود کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ شرح سود میں کم از کم 3 فیصد کمی کی جائے۔ان کا کہنا تھا کہ حکومت کا یہ موقف درست نہیں کہ شرح سود کم ہونے سے مہنگائی بڑھے گی۔سود مکمل طور پر ختم کرنا ہوگا اور شرح سود میں 3

فیصد کمی سے حکومت کو تقریبا 1700 ارب روپے کی لیوی کم کرنے کی گنجائش پیدا ہوسکتی ہے۔انہوں نے کہا کہ اسٹیٹ بینک کی خودمختاری کا موجودہ نظام حکومتوں نے بنایا، جماعت اسلامی نے اس کی مخالفت کی تھی۔اسٹیٹ بینک کے گورنر اور ارکان کی تقرری حکومت ہی کرتی ہے، اس لیے اسے مکمل طور پر خودمختار قرار دے کر عوامی مطالبات سے بچا نہیں جا سکتا۔آئل سیکٹر کے حوالے سے حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ مقامی اور درآمدی تیل کی قیمتیں برابر کر کے قوم کو دھوکا دیا گیا، جبکہ ریفائنریوں میں بھی بے ضابطگیوں کا جائزہ لینے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ حکومت کی نادہندہ بائیکو ریفائنری کو کیوں سپورٹ کیا جا رہا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پیٹرولیم لیوی اور کلائمیٹ لیوی دونوں کا مکمل خاتمہ ہونا چاہیے۔پی ٹی آئی نے جماعت اسلامی کے دھرنوں کی حمایت کی ہے، جبکہ مختلف سیاسی حلقوں کی جانب سے بھی جماعت اسلامی کی تحریک کی حمایت سامنے آ رہی ہے۔حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے گورنر بھی منصورہ آئے اور بعد ازاں پشاور میں جاری دھرنے میں شریک ہوئے۔سندھ اسمبلی میں بھی جماعت اسلامی کے مطالبات کے حوالے سے قرارداد پیش کی گئی ہے۔انہوں نے کہا کہ ممکن ہے آئندہ چند دنوں میں پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری سے بھی ملاقات ہوجائے۔حافظ نعیم الرحمان کے مطابق پیپلز پارٹی بھی جماعت اسلامی کے دھرنوں کی حمایت کر رہی ہے۔

بقیہ 3

اضافے کا رجحان ترقی پذیر ممالک کے عوام کیلئے مشکلات کا باعث بن رہا ہے، وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان مسلم لیگ ن کے صدر نواز شریف کی ہدایت پر شاندار ریلیف پیکیج دیا۔مریم نواز شریف کا کہنا تھا کہ پٹرولیم مصنوعات کے نرخ میں اضافے سے دنیا بھر میں ہر طبقہ متاثر ہو رہا ہے، مشکل معاشی حالات میں بھی عوام کیلئے وزیراعظم ریلیف پیکیج احسن اقدام ہے۔واضح رہے کہ وزیراعظم شہباز شریف نے عوام کیلئے خصوصی پٹرول ریلیف سکیم کا اجرا کیا ہے خصوصی ریلیف سکیم کے تحت موٹر سائیکل، رکشہ، چنگچی اور 800 سی سی تک کی گاڑیاں استعمال کرنے والوں کو پٹرول پر 100 روپے فی لٹر ریلیف دیا جائے گا۔

بقیہ 4

کے لئے مشترکہ سفر جاری رکھیں گے۔ پیر کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جمہوریت کے عالمی دن پر جاری پیغام میں وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان آج اقوام عالم کے ساتھ ہم آواز ہو کر عالمی یوم جمہوریت منا رہا ہے۔ یہ دن جمہوریت کی بنیادی اقدار، مساوات، انصاف اور آزادی کا فروغ، عوامی رائے کا احترام، انسانی وقار کا تحفظ اور قانون کی بالادستی سے وابستگی کا اعادہ کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے، جمہوری نظام حکومت میں اختیارات عوام کے منتخب نمائندوں کے ذریعے عوامی بہبود کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں۔ پارلیمان ملک کا مرکزی جمہوری ادارہ ہے جو عوام کی نمائندگی کرتا ہے۔انہوں نے کہا کہ آئین پاکستان ریاست اور شہریوں کے مابین تعلق کو قانونی شکل میں بیان کرتا ہے۔ آئین کا آرٹیکل 25 ہر شہری کے مساوی حقوق اور قانون کی نظر میں برابری کی ضمانت فراہم کرتا ہے۔ قومی سطح پر آئین پاکستان، وفاق کی تمام اکائیوں، قومی اداروں کے باوقار مقام اور نظم ونسق کو متعین کرتا ہے، پاکستان کا وفاقی پارلیمانی جمہوری نظام، مفاد عامہ اور اسلامی اساس کے مطابق قانون سازی کا اختیار دیتا ہے۔وزیراعظم نے کہا کہ عصر حاضر کے بدلتے تقاضوں کی پیش نظر عوامی امنگوں اور عوامی ضروریات کے مطابق قوانین وضع کرنا پارلیمنٹ کے فرائض میں شامل ہے، موجودہ دور کے چیلنجز کا موثر طور پر مقابلہ کرنے اور ایک خوشحال مستقبل کو یقینی بنانے کے لیے ضروری ہے کہ ہم عوامی فلاح کی ضامن بنیادی جمہوری اقدار کو مضبوطی سے تھامے رکھیں۔وزیراعظم نے کہا کہ آئین پاکستان قومی زندگی کے تمام شعبوں میں خواتین کی بھرپور شرکت کو یقینی بنانے کا واضح عزم کا اظہار کرتا ہے۔ وفاقی اور صوبائی قانون ساز اداروں میں خواتین کے لیے مخصوص نشستیں خواتین کی موثر نمائندگی کے لئے مقرر کی گئی ہیں، ریاست اقلیتوں کے حقوق وفرائض اور مفادات کے تحفظ کی پابند ہے۔ وفاقی اور صوبائی قانون ساز اداروں میں غیر مسلم اقلیتوں کے لیے بھی مخصوص نشستیں رکھی گئی ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ عالمی سطح پر پاکستان اپنی بین الاقوامی ذمہ داریوں کا ادراک رکھتا ہے اور جمہوری اصولوں کی مکمل حمایت کرتا ہے۔اقوام متحدہ کے متعین کردہ پائیدار ترقی کے اہداف بشمول جمہوریت کا فروغ، امن و انصاف اور مضبوط اداروں کے قیام کے لیے پاکستان مربوط کاوشیں کر رہا ہے، آئیے آج کے دن عہد کریں کہ ہم بہترین پارلیمانی روایات سے ہم آہنگ جمہوری اقدار کے فروغ، شہریوں کے بنیادی حقوق کے تحفظ اور ملک کے لیے ایک خوشحال مستقبل کی تعمیر کے لئے مشترکہ سفر جاری رکھیں گے۔

بقیہ 5

علاوہ ازیں بہتر پورٹ آپریشنز کے ساتھ کسٹمز کلیرنس کے نظام میں بھی اہم اصلاحات متعارف کرائی گئی ہیں۔ پورٹ قاسم پر فیس لیس کسٹمز اسیسمنٹ سے شفافیت میں اضافہ اور کلیرنس کا عمل مزید موثر ہوا ہے۔فیس لیس اسیسمنٹ کے بعد کلیئرڈ گڈز ڈیکلریشن ریونیو کلیکشن 6.8 ملین سے بڑھ کر 7.9 ملین روپے ہوگئی ہے۔ اصلاحات کے مثبت نتائج کے باعث پورٹ قاسم کی عالمی سطح پر کارکردگی میں بھی نمایاں بہتری سامنے آئی ہے۔ ورلڈ بینک کے کنٹینر پورٹ پرفارمنس انڈیکس میں پورٹ قاسم کو گزشتہ 5 سال میں دنیا کی پانچ سب سے زیادہ بہتر ہونے والی بندرگاہ قرار دیا گیا ہے۔ بہتر پورٹ آپریشنز، شفاف نظام اور صنعتی روابط سے پورٹ قاسم پاکستان کی تجارت، سرمایہ کاری اور معاشی سرگرمیوں کا اہم مرکز بن رہا ہے۔

بقیہ 6

جاں بحق ہوگیا۔ میڈیکل ایمرجنسی ریسپانس سینٹرز (ایم ای آر سی) 1122 بلوچستان کی جانب سے جاری کردہ یومیہ رپورٹ کے مطابق صوبے کی مختلف شاہراہوں پر قائم ٹراما سینٹرز نے حادثات کے زخمیوں کو فوری طبی امداد فراہم کی۔ رپورٹ کے مطابق ٹراما ژوب کی حدود میں سب سے زیادہ 24 ٹریفک حادثات پیش آئے، جن میں 35 افراد زخمی ہوئے۔اسی طرح ٹراما خضدار مرکز کی حدود میں 13 حادثات رپورٹ ہوئے، جن میں 13 زخمیوں کو طبی امداد فراہم کی گئی۔ رپورٹ کے مطابق وندر، لسبیلہ میں 5 حادثات کے نتیجے میں 8 افراد زخمی ہوئے، سرانان، پشین میں 3 حادثات میں 4 افراد، زیارت کراس، پشین میں 2 حادثات میں 6 افراد جبکہ کیٹل فارم، جعفر آباد میں 2 حادثات کے دوران 4 افراد زخمی ہوئے۔ دوسری جانب لیاری، لسبیلہ میں پیش آنے والے ایک ٹریفک حادثے میں ایک شخص جاں بحق ہوگیا ایم ای آر سی 1122 کے مطابق 12 ستمبر کو صوبے بھر کے مختلف مراکز میں مجموعی طور پر 54 ٹریفک حادثات رپورٹ ہوئے، جن میں 74 زخمیوں کو طبی امداد فراہم کی گئی جبکہ ایک شخص کی ہلاکت ریکارڈ کی گئی۔

بقیہ 7

نے عوامی مینڈیٹ پر ڈاکہ ڈال کر اقتدار پر قبضہ کیا ہے، وہی آج ملک کے صوبوں اور عوام کے درمیان تفرقہ ڈال رہے ہیں، پنجاب کی جعلی وزیراعلی، جسے عوام نے مکمل طور پر مسترد کر دیا ہے اور جو محض جعلی ووٹوں اور دھاندلی کے ذریعے اقتدار کے ایوانوں میں بیٹھی ہے، وہ کہتی ہے کہ اسے پاکستان کے تین صوبوں سے خطرہ محسوس ہوتا ہے لیکن ہمارے ازلی دشمن بھارت سے کوئی خطرہ نہیں، میں کہتا ہوں کہ ایسی ذہنیت اور سوچ پر لعنت ہے۔انہوں نے پنجاب انتظامیہ کے سیکیورٹی تحفظات کو آڑے ہاتھوں لیتے ہوئے کہا کہ جو حکمران اپنے ہی ملک کے تین صوبوں کے شہریوں کو خطرہ سمجھتے ہیں، وہ ملکی سالمیت اور صوبائی ہم آہنگی کو شدید نقصان پہنچا رہے ہیں، میں یہاں واضح طور پر اعلان کرتا ہوں کہ پنجاب کے غیور عوام میرے اپنے ہیں، پنجاب میرا گھر ہے، میں پنجاب کا ہوں اور پنجابیوں کا اپنا ہوں، مجھے پنجاب کی سرزمین یا یہاں کے شہریوں سے کسی قسم کا کوئی خطرہ نہیں ہے۔

بقیہ 8

کرتے ہوئے 24 گھنٹوں کے اندر ایف آئی آر درج کرنے کی ہدایت کر دی۔ اجلاس میں جوائنٹ ایگزیکٹو ڈائریکٹر پمز اقبال درانی نے کمیٹی کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ واقعہ کے بعد سیکیورٹی کمپنی اور مانیٹرنگ کمیٹی کے خلاف کارروائی کی جاتی تھی، انہیں شوکاز نوٹس جاری کردیے گئے ہیں جبکہ پمز میں قائم انکوائری کمیٹی نے بھی نوٹسز جاری کیے ہیں سینیٹر ثمینہ زہری نے سوال اٹھایا کہ وزیراعظم کی ہدایت کے باوجود 8 افسران کے خلاف تا حال ایف آئی آر کیوں درج نہیں کی گئی؟ ایڈیشنل سیکرٹری وزارت صحت نے بتایا کہ ایف آئی آر کے لیے وزارت داخلہ کو کہا گیا ہے تاہم ابھی تک جواب موصول نہیں ہوا۔اس پر سینیٹر آغا شاہ زیب درانی نے ریمارکس دیے کہ وزارت صحت خود مدعی ہے تو وزارت داخلہ کو کیوں کہا جا رہا ہے، آپ پوسٹ مین کیوں بن رہے ہیں؟ انہوں نے کہا کہ وزارت صحت خود مدعی بنے اور ایف آئی آر درج کروائے۔اجلاس میں بچوں کی حوالگی اور ڈی این اے ٹیسٹ سے متعلق بھی سوالات اٹھائے گئے۔ سینیٹر مسرور نے کہا کہ یہ چیزیں چھپائی جا رہی ہیں اور سوال کیا کہ بچوں کو بغیر ڈی این اے ٹیسٹ کے کیسے حوالے کیا گیا؟ ڈاکٹر عنیزہ جلیل نے کمیٹی کو بتایا کہ انہوں نے بچوں کو خود دیکھا تھا، بچوں کے نام کے ٹیگز اور پیمپر بھی موجود تھے جبکہ 10 لاشیں انہوں نے اپنی آنکھوں سے دیکھیں جو جلی ہوئی نہیں تھیں۔ سینیٹر ثمینہ زہری نے بتایا کہ پولیس کی جانب سے دو مرتبہ پوسٹ مارٹم رپورٹ طلب کی گئی، تاہم ڈاکٹر عنیزہ جلیل کے مطابق انہیں یہ رپورٹ موصول نہیں ہوئی۔

بقیہ 9

جے یو آئی تحصیل گنداخہ کے امیر مولانا امان اللہ حقانی کی خصوصی نگرانی میں قائم کیا گیا، جہاں شرکا نے نہروں میں پانی نہ ہونے پر اپنی شدید تشویش کا اظہار کیا۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ گزشتہ چار ماہ سے تحصیل گنداخہ کی مختلف نہروں، شاخوں اور مائنروں کے ٹیلوں تک ایک قطرہ پانی بھی نہیں پہنچ رہا، جس کے باعث کروڑوں روپے مالیت کی زرعی زمینیں بنجر ہو رہی ہیں اور تیار فصلیں شدید متاثر ہو رہی ہیں۔ اس سنگین صورتحال کے باعث نہ صرف زراعت تباہ ہو رہی ہے بلکہ کئی علاقوں میں انسانوں اور بے زبان مویشیوں کے لیے پینے کا صاف پانی بھی بالکل دستیاب نہیں۔ مظاہرین نے محکمہ آبپاشی کے اعلی حکام سے پرزور مطالبہ کیا کہ کھیرتھر کینال کے تمام ذیلی نہروں کو ان کے حصے کا پورا پانی فوری طور پر فراہم کیا جائے اور ٹیل کے علاقوں تک پانی کی باقاعدہ رسائی ہر صورت یقینی بنائی جائے۔ مظاہرین نے سخت الفاظ میں خبردار کیا کہ اگر پانی کا یہ دیرینہ مسئلہ فوری طور پر حل نہ کیا گیا تو وہ اپنے بنیادی حقوق کے حصول کے لیے احتجاج کا دائرہ کار مزید وسیع کرنے پر مجبور ہوں گے۔

بقیہ 10

تعلق رکھنے والے 30 سے زائد طلبا کرام نے مقررہ موضوعات پر مدلل، موثر اور شاندار تقاریر پیش کیں۔ اس موقع پر مدارس، سکولز اور کالجز کے طلبا، علما کرام، اساتذہ اور عوام الناس نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے طلبا کی حوصلہ افزائی کے لیے اول آنے والے طالب علم کو 5 ہزار روپے، دوم کو 3 ہزار روپے اور سوم پوزیشن حاصل کرنے والے طالب علم کو 2 ہزار روپے نقد انعامات دیے گئے۔ پروگرام کا اختتام دعائے خیر کے ساتھ ہوا۔ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت ژوب نے اس کامیاب اور بامقصد علمی و اصلاحی پروگرام کے انعقاد پر تمام دینی و عصری تعلیمی اداروں، مدارس، سکولز اور کالجز کے منتظمین، علما کرام، اساتذہ، طلبا کرام، والدین اور عوام الناس کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔ بالخصوص ان اداروں کے ذمہ داران اور طلبا کرام کو خراج تحسین پیش کیا گیا جنہوں نے بھرپور شرکت اور تعاون کے ذریعے اس پروگرام کو کامیاب بنانے میں اہم کردار ادا کیا۔

بقیہ 11

اظہار ہیں کہ ریاست امن دشمن قوتوں کو بلوچستان میں اپنے مذموم عزائم کی تکمیل کی اجازت نہیں دے گی۔ وزیراعلی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑے ہیں۔ امن کے قیام کے لیے سیکیورٹی اہلکاروں کی قربانیاں قوم کے لیے باعث فخر ہیں اور حکومت ان قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ فیصلہ کن مرحلے میں ہے، دہشت گرد عناصر کے خلاف کارروائیاں بلاامتیاز جاری رہیں گی۔ آخری دہشت گرد کے خاتمے تک ریاست کا عزم برقرار رہے گا اور امن دشمن عناصر کو کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا۔

بقیہ 12

صلاحیتوں کا شاندار ثبوت دیا ہے۔ بابر یوسفزئی کا کہنا تھا کہ یہ مستونگ آپریشن امن دشمن عناصر کے خلاف ریاست کے مضبوط اور آہنی عزم کی واضح عکاسی کرتا ہے۔ انہوں نے دوٹوک الفاظ میں تنبیہ کی کہ دہشت گردوں کو کسی بھی صورت بلوچستان کے پرامن ماحول کو تباہ کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ فتنۃ الہندوستان کے دہشت گردوں کے خلاف یہ کارروائی سیکیورٹی فورسز کی بروقت اور مشر حکمت عملی کا منہ بولتا نتیجہ ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بلوچستان کے غیور عوام اپنی سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں اور دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے ریاستی اداروں کی تمام کارروائیاں پوری قوت کے ساتھ جاری رہیں گی۔ معاون برائے داخلہ نے مزید کہا کہ جو عناصر بلوچستان میں بدامنی پھیلانے کے حسین خواب دیکھ رہے ہیں، انہیں ہر محاذ پر عبرتناک ناکامی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ دہشت گردی کے خلاف اس جنگ میں ہمارے سیکیورٹی اداروں کی لازوال قربانیاں پوری قوم کے لیے باعث فخر ہیں۔ فتنۃ الہندوستان کے دہشت گردوں اور ان کے تمام سہولت کاروں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے واضح پیغام دیا کہ ریاست دشمن عناصر کے لیے یہ صاف بات ہے کہ بلوچستان کی سر زمین پر دہشت گردی کے لیے کوئی گنجائش نہیں ہے، اور امن دشمن قوتیں جتنی بھی سازشیں کر لیں، بلوچستان کے عوام اور ریاست مل کر ان کی تمام سازشوں کو ناکام بنا دیں گے، جبکہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک سیکیورٹی فورسز کا یہ آپریشن جاری رہے گا۔

بقیہ 13

استعمال نہ ہو، کوئی سرکاری افسر احتجاج یا ریلی پر مجبور کرنے والے حکم پر عمل نہ کرے۔ چیف جسٹس سرفراز ڈوگر کی سربراہی میں 3 رکنی لارجر بنچ نے دائر درخواست پر محفوظ فیصلہ سنادیا۔ قبل ازیں اسلام آباد ہائیکورٹ کے چیف جسٹس سرفراز ڈوگر کی سربراہی میں جسٹس اعظم خان اور جسٹس آصف پر مشتمل 3 رکنی لارجر بنچ نے کیس کی سماعت کی۔ سماعت کے دوران اٹارنی جنرل منصور عثمان اعوان، ایڈووکیٹ جنرل اسلام آباد نوید ملک، پراسیکیوٹر جنرل، چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا شہاب علی شاہ اور آئی جی خیبر پختونخوا عدالت میں پیش ہوئے۔ عدالت کی جانب سے خصوصی اجازت ملنے کے بعد کمرہ عدالت میں تحریک انصاف کے سال 2022 اور 2024 کے احتجاج کی ویڈیوز بھی چلائی گئیں۔ دلائل دیتے ہوئے ایڈووکیٹ جنرل اسلام آباد نوید ملک نے کہا کہ 2022 کے احتجاج میں سرکاری مشینری کا استعمال کیا گیا اور اسلام آباد انتظامیہ نے مارچ کو روکنے کیلئے جو کنٹینرز کھڑے کی تھیں انہیں کرین سے ہٹایا گیا۔ انہوں نے کہا کہ ڈی چوک میں آگ لگا کر سب کچھ تباہ کر دیا گیا اور یہی کچھ 2024 میں بھی دہرایا گیا جب پوری قوت کے ساتھ اسلام آباد پر حملہ کیا گیا، تحریک انصاف کے رہنما آزادی یا شہادت جیسے بیانات دے رہے ہیں اور یہ کسی طور پر پرامن جلسے کا منظر نہیں ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اس لانگ مارچ کے دو بنیادی مقاصد سامنے آتے ہیں، ایک قیدی کی رہائی اور دوسرا حکومت گرانا، اور یہ دونوں مطالبے غیر آئینی ہیں۔ ایڈووکیٹ جنرل اسلام آباد نے موقف اختیار کیا کہ مجسٹریٹ کی اجازت کے بغیر کوئی بھی احتجاج نہیں ہوسکتا کیونکہ قانون کے مطابق درخواست دینا ضروری ہے۔ انہوں نے عدالت سے استدعا کرتے ہوئے کہا کہ اگر 20 لاکھ لوگ اسلام آباد پر چڑھائی کرتے ہیں تو ہمارے پاس انہیں روکنے کی صلاحیت نہیں ہے، ہم دفعہ 144 لگا کر انتظامی انتظامات تو کر سکتے ہیں لیکن اپنے ہی شہریوں پر گولیاں نہیں چلا سکتے اور نہ ان کی جانیں لے سکتے ہیں، اس لیے پانی سر سے گزرنے سے پہلے عدالت کو اقدامات کرنے ہوں گے۔ دوسری جانب درخواست گزار کے وکیل نے موقف اپنایا کہ خیبر پختونخوا کے وزیراعلی 40 لاکھ لوگ لانے کی تقریریں کر رہے ہیں، اگر غیر آئینی مطالبات کیلئے ایسا احتجاج روکا نہ گیا اور عدالت کوئی حکم جاری نہیں کرتی تو انتظامیہ کے پاس کوئی راستہ باقی نہیں رہے گا۔ سماعت کے دوران عدالت نے آئی جی خیبر پختونخوا کو روسٹرم پر طلب کر کے ان کا جمع کرایا گیا بیان حلفی پڑھنے کی ہدایت کی۔ چیف جسٹس سرفراز ڈوگر نے آئی جی خیبر پختونخوا سے مکالمہ کرتے ہوئے کہا کہ اگر کوئی غیر قانونی اور غیر آئینی اجتماع ہوتا ہے تو آپ اسے روکیں گے اور مظاہرین کو منتشر کریں گے؟ اس پر آئی جی خیبر پختونخوا نے عدالت کو یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ عدالت نے جو ڈائریکشن دی ہے اس کے مطابق بیان حلفی جمع کرا دیا گیا ہے اور اگر صوبے کی طرف سے کوئی غیر قانونی اقدام یا پیش قدمی ہوئی تو ہم اسے ہر صورت روکیں گے۔ ایڈووکیٹ جنرل خیبر پختونخوا کی جانب سے تحریری رپورٹ جمع کرائے جانے کے بعد عدالت نے کیس کا فیصلہ محفوظ کر لیا تھا جو کہ بعد ازاں سنا دیا گیا۔ فیصلے میں کہا گیا کہ کسی سیاسی جماعت، پبلک آفس ہولڈر کے پاس اسلام آباد کی سڑکیں بند کرنے کا اختیار نہیں۔ فیصلے میں کہا گیا کہ صوبوں کے وزرا اعلی یقینی بنائیں کہ سرکاری مشینری سیاسی جماعت کے احتجاج میں استعمال نہ ہو، کوئی سرکاری افسر احتجاج یا ریلی پر زبردستی مجبور کرنے والے آرڈر پر عملدرآمد نہ کرے، کوئی بھی افسر جسے مجبور کیا جائے وہ فوری طور پر اپنے صوبے کے چیف سیکرٹری /چیف کمشنر یا آئی جی کو آگاہ کرے

بقیہ 14

وزیر داخلہ کا استقبال کیا، چیف کمشنر اور آئی جی اسلام آباد بھی اس موقع پر موجود تھے۔ لبنان کے وزیر داخلہ کے دورہ پاکستان کے دوران دوطرفہ تعلقات اور باہمی تعاون کے فروغ پر اہم بات چیت ہوگی۔ اپنے دورے کے دوران لبنان کے وزیر داخلہ پاکستانی قیادت سے اہم ملاقاتیں بھی کریں گے۔

بقیہ 15

کونٹرویو میں انہوں نے امریکی اور اسرائیلی حملوں کو بین الاقوامی قوانین اور انسانی اصولوں کی خلاف ورزی قرار دیا اور کہا ان حملوں کے باوجود ایرانی قوم مزید متحد ہوئی۔ ایرانی صدر نے ایران کے جوہری پروگرام پر امریکی اور اسرائیلی اعتراضات کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ ایران جوہری ہتھیار حاصل کرنے کی کوشش نہیں کر رہا، امریکا اور اسرائیل نے مذاکرات کے دوران حملہ کیا، تہران معاہدے کے قریب تھا، ایران نے ایک فریم ورک پر اتفاق کیا لیکن امریکی صدر ٹرمپ نے اسے مسترد کر دیا۔ صدر مسعود پزشکیان نے متحدہ عرب امارات، سعودی عرب، پاکستان، قطر، روس اور چین سمیت ہمسایہ ممالک کے ساتھ ایران کے تعلقات کو دوستانہ قرار دیا اور کہا خطے میں امریکی فوجی اڈے بنیادی مسئلہ ہیں۔

بقیہ 16

و قومی اہمیت پر بریفنگ دی گئی۔ احمد الحجار نے پاکستان مونومنٹ اور یادگار شہدا کی تاریخی اہمیت اور طرز تعمیر کو سراہا۔ اسلام آباد پولیس لائنز میں خصوصی طور پر پریڈ کا انعقاد کیا گیا اور لبنانی وزیر داخلہ کو سلامی پیش کی گئی۔ وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری بھی معزز مہمان خصوصی کے ہمراہ تھے۔

بقیہ 17

ہے۔ دہشت گردوں کے سہولت کار کہیں بھی چھپ نہیں سکتے، ریاست ان کے خلاف کارروائی کرے گی۔ وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے پیر مہر علی شاہ بارانی زرعی یونیورسٹی راولپنڈی کے اپ گریڈڈ آڈیٹوریم کا افتتاح کر دیا، آڈیٹوریم کی تزئین و آرائش اور اپ گریڈیشن کا کام ریکارڈ مدت میں مکمل کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان تا قیامت زندہ و تابندہ رہے گا، ہمیں قومیت، لسانیت اور دیگر تقسیم سے بالاتر ہو کر سب سے پہلے پاکستانی ہونے کے نعرے پر متحد ہونا ہوگا۔ دہشت گردوں کے سہولت کاروں کو سوچنا چاہیے کہ پاکستان ہمارا اپنا ملک ہے وفاقی وزیر نے کہا کہ آزاد کشمیر اور بلوچستان میں جو کھیل کھیلا جا رہا ہے، ہمارے ادارے اس سے پوری طرح آگاہ ہیں۔ دوٹوک انداز میں کہنا چاہتے ہیں کہ پاکستان کو نقصان پہنچانے والے عناصر اپنے عزائم میں ناکام ہوں گے، ہم پاکستان کو شام، لیبیا یا عراق نہیں بننے دیں گے۔ محمد حنیف عباسی نے کہا کہ اربوں روپے ہڑپ کرنے والا شخص معمولی مشکل پیش آنے پر رونا دھونا شروع کر دیتا ہے، جبکہ ہم نے بھی کسی جرم کے بغیر ڈیتھ سیل میں وقت گزارا، لیکن اس وقت بھی ہم نے ''آف'' تک نہیں کی۔ مشکل وقت میں ثابت قدم رہنا ہی اصل کردار کی پہچان ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پیر مہر علی شاہ بارانی زرعی یونیورسٹی کے آڈیٹوریم کی تزئین و آرائش ان کی خصوصی توجہ سے ریکارڈ مدت میں مکمل کی گئی ہے۔ ایک سیاسی کارکن کا حقیقی اثاثہ عہدہ، اختیار یا دولت نہیں بلکہ عوام کی خدمت اور قوم کی خدمت ہے۔ ہم نے ہمیشہ کارکردگی کی بنیاد پر سیاست کی ہے اور ہمارا مقصد ایسے عملی کام کرنا ہے جن کے ثمرات عوام کو براہ راست ملیں انہوں نے کہا کہ عوام کے ٹیکس کے پیسے سے بننے والے منصوبے کسی فرد کی ذاتی ملکیت نہیں ہوتے۔ ماضی میں سرکاری وسائل سے مکمل ہونے والے منصوبوں کو اپنے نام سے منسوب کرنے کی روایت رہی، ہم نے اس روایت کو تبدیل کیا ہے۔ کالجوں اور یونیورسٹیوں میں آڈیٹوریمز اور نئے بلاکس کو قومی ہیروز کے ناموں سے منسوب کرنا اسی سوچ کا حصہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کے وژن کے عین مطابق راولپنڈی میں اسٹیٹ آف دی آرٹ منصوبے مکمل کیے گئے ہیں۔ ترقیاتی کاموں کے معیار پر کبھی سمجھوتہ نہیں کیا، کوئی میرے تعمیراتی کام پر انگلی نہیں اٹھا سکتا۔ محمد حنیف عباسی نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ بہت جلد وزیراعلیٰ پنجاب کی فراہم کردہ مزید 50 بسیں راولپنڈی شہر میں چلتی نظر آئیں گی۔ الحمدللہ راولپنڈی کے کڈنی ہسپتال میں دو کامیاب لیور ٹرانسپلانٹ ہوچکے ہیں، اب لوگوں کو ٹرانسپلانٹ کے لیے چین یا بھارت جانے کی ضرورت نہیں ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ راولپنڈی میں 300، 300 بستروں کے دو ہسپتال مکمل ہوچکے ہیں جبکہ 400 بستروں کا چلڈرن ہسپتال جون 2027 سے قبل مکمل کر لیا جائے گا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وائس چانسلر پیر مہر علی شاہ بارانی زرعی یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر قمر الزمان نے یونیورسٹی کے آڈیٹوریم کی تزئین و آرائش، کھیلوں کی سہولیات، جم اور دیگر شعبہ جات کی اپ گریڈیشن میں وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی کی خصوصی توجہ اور تعاون پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ تقریب کے اختتام پر وفاقی وزیر ریلوے نے آڈیٹوریم کی تزئین و آرائش اور تعمیر میں نمایاں خدمات سرانجام دینے والے حکام میں سوونیئر تقسیم کیے۔

بقیہ 18

کارروائی کے دوران 6 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سی ٹی ڈی کی پیشہ ورانہ مہارت کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں اپنے بہادر سپوتوں پر ناز ہے، جنہوں نے دشمن کے مذموم عزائم کو ناکام بنایا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں امن کے قیام کے لیے تمام ادارے پرعزم ہیں اور قوم کی مکمل حمایت سے امن دشمن عناصر کا مکمل صفایا کیا جا رہا ہے۔

بقیہ 19

کے دیگر ایئرپورٹس سے بیرون ممالک جانے والی 41 پروازیں منسوخ جبکہ 30 تاخیر کا شکار ہوئیں۔ ایئرپورٹ ذرائع کے مطابق منسوخ ہونے والی پروازوں میں سعودی عرب کے مختلف شہروں، دبئی، بحرین، قطر اور ترکیہ کی پروازیں شامل ہیں۔ علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ لاہور سے 10، اسلام آباد ایئرپورٹ سے 9 جبکہ کراچی سے 14 پروازیں منسوخ ہوئیں۔ ملتان اور پشاور ایئرپورٹس سے بھی 4، 4 پروازیں منسوخ کی گئیں۔ ایئرپورٹ ذرائع کے مطابق علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ سے مدینہ منورہ، جدہ، ریاض، دبئی، شارجہ، قطر، ترکیہ اور لندن جانے والی 15 پروازوں میں 3 سے 7 گھنٹے کی تاخیر ہوئی۔ پروازوں کی منسوخی اور تاخیر سے روانگی کے باعث مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ پروازوں کی منسوخی اور تاخیر سے روانگی کی وجہ مشرق وسطی اور برطانیہ میں ریڈار سسٹم میں خرابی بتائی گئی ہے۔

بقیہ 20

کرتے ہوئے طارق فضل چوہدری نے کہا کہ باقی صوبوں میں یونٹ کب بنیں گے کچھ معلوم نہیں لیکن اسلام آباد یونٹ سب سے پہلے بنے گا۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمان کے اندر ایکٹ کے ذریعے اسلام آباد یونٹ بنانے کیلئے کوشش کر رہے ہیں، ہم یہ ماڈل بنانے میں ضرور کامیاب ہوں گے، سارے مسائل کا حل اس نئے ماڈل میں ہوگا۔ وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ اسلام آباد کوئی صوبہ نہیں ہوگا لیکن صوبے سے بڑا یونٹ بننے جا رہا ہے، باقی صوبے یونٹ بنانا چاہیں تو وہ اسلام آباد کے ماڈل کو دیکھ سکیں گے، اسلام آباد کیلئے گورننس ماڈل لانا سب کی خواہش ہے، اسلام آباد ایک صدارتی آرڈیننس کے ذریعے وجود میں آیا، یہاں جو سسٹم لاگو کیا گیا وہ ایڈہاک بنیادوں پر تھا، بدقسمتی سے ابھی تک وہ ایڈہاک سسٹم چل رہا ہے۔ طارق فضل نے مزید کہا کہ نئے صوبوں کیلئے چاروں صوبوں کے عوام سے پوچھا جائے، اگر عوام صوبے بنانا چاہیں تو ٹھیک ہے، دنیا میں دارالحکومت کے ماڈل مدنظر رکھ کر وزیراعظم کو تجویز دی، اسلام آباد پانچواں صوبہ نہیں بن سکتا، ایک انتظامی یونٹ بنے گا، کہ سی ڈی اے اسلام آباد کے ڈیولپمنٹ کے معاملات دیکھتی ہے، آئی سی ٹی اسلام آباد کے دیہی معاملات کو دیکھتی ہے، اسلام آباد کے دیہی علاقوں میں جنوبی پنجاب سے زیادہ محرومیاں ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ملک میں کسی جگہ با اختیار بلدیاتی نظام دیکھنے کو نہیں ملا، اسلام آباد کا بلدیاتی نظام بہترین آزادانہ ماڈل کا نعم البدل نہیں ہوسکتا، اسلام آباد کی قانون ساز اسمبلی ہونی چاہیے جو مقامی معاملات کو دیکھ سکے، چھوٹے چھوٹے معاملات کے لیے قومی اسمبلی میں جانا پڑتا ہے۔ طارق فضل چوہدری نے کہا کہ اسلام آباد کے حوالے سے بل بہت مشکل سے پاس کرواتے ہیں، اسلام آباد کی اسمبلی ہوگی تو 27 لوگ بل پاس کیا کریں گے، اسلام آباد میں آزاد جموں کشمیر سے زیادہ ریونیو اکٹھا ہوتا ہے، ہمیں پتا ہے کہ اس مرض کی جڑ کہاں ہے۔

بقیہ 21

سے روسی آئل ریفائنریز پر حملہ نہ کرنے کی اپیل کی ہے۔ آئرلینڈ کے دورے اور گالف میچ دیکھنے کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا انہیں توقع ہے کہ ایران جنگ رواں برس ختم ہو جائے گی اور ایسا ممکنہ طور پر نومبر میں ہونے والے وسط مدتی انتخابات کے فوراً بعد ہوسکتا ہے۔ مشرق وسطی میں جاری جنگ کی وجہ سے تیل کی عالمی منڈیاں شدید متاثر ہوئی ہیں جبکہ سعودی تیل پائپ لائن پر حملے کے بعد تیل کے تاجروں کا کہنا ہے کہ پر قیمتوں میں مزید اضافہ ہوسکتا ہے۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا کہنا تھا کہ وہ صرف درست معاہدہ کریں گے اور ایسا معاہدہ نہیں کریں گے جو اچھا نہ ہو، ایران امن مذاکرات کے لیے مسلسل رابطے کر رہا ہے تاہم تہران ماضی میں ہونے والے ایسے دعوؤں کو مسترد کرتا رہا ہے۔ امریکی صدر نے ایک تجویز پیش کی کہ ایران کے ساتھ معاملات جاری رکھے جا سکتے ہیں اور اس کا موازنہ وینزویلا کے ساتھ اگست میں ہونے والے اس معاہدے سے کیا جو وہاں تیل کی پیداوار سے متعلق تھا۔ صدر ٹرمپ نے کہا بالآخر ہم ایران سے نکل جائیں گے جب تک ہم وہاں رہنے اور وینزویلا کی طرح تیل اپنے قبضے میں رکھنے کا فیصلہ نہ کر لیں، وینزویلا سے حاصل آمدنی نے جنگ کے کئی گنا اخراجات پورے کر دیے ہیں۔ دریں اثنا صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ انہوں نے یوکرین کے صدر ولادیمیر زیلنسکی سے کہا ہے کہ وہ روسی ڈیزل ریفائنریز پر حملے بند کر دیں کیونکہ حملے تیل کی زیادہ قیمتوں میں معاون ثابت ہو رہے ہیں۔ آئرلینڈ سے واشنگٹن ڈی سی واپس آتے ہوئے ایئر فورس ون میں سوار صحافیوں سے بات کرتے ہوئے ٹرمپ نے کہا کہ روسی ایندھن کی پیداوار میں رکاوٹ عالمی سپلائی کو متاثر کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مجھے یوکرین اور روس کے ساتھ جو مسئلہ درپیش ہے وہ یہ ہے کہ بہت زیادہ ڈیزل روس سے آتا ہے اور روسی پلانٹس یوکرین سے متاثر ہو رہے ہیں۔ ٹرمپ نے کہا کہ میں نے صدر زیلنسکی سے کہا ہے کہ وہ ڈیزل پلانٹس، ریفائنریوں کو نشانہ نہ بنائیں۔ ٹرمپ نے کہا کہ روسی ڈیزل کو مارکیٹ میں لانے میں مشکلات کی وجہ سے قیمتیں بڑھ رہی ہیں۔ اسے روس سے باہر آنے میں مشکل پیش آ رہی ہے، اور یہ ایک ایسا معاملہ ہے جس نے دنیا کو نقصان پہنچایا ہے۔ ہمیں روکنا ہوگا۔

بقیہ 22

کہ صوبے سے دہشتگردی کے مکمل خاتمے کے لیے عزم مصمم جاری ہے اور آخری دہشتگرد کے خاتمے تک یہ کارروائیاں پوری قوت سے جاری رہیں گی۔ دوسری جانب پشین کے علاقے سرانان میں کاؤنٹر ٹیرازم ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) نے ایک مصدقہ انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن (آئی بی او) کیا، جہاں فائرنگ کے شدید تبادلے کے دوران 6 مبینہ دہشتگرد ہلاک کر دیے گئے۔ سی ٹی ڈی کے ترجمان کے مطابق اس کارروائی میں فائرنگ کے تبادلے کے دوران محکمہ کے 4 اہلکار بھی زخمی ہوئے ہیں۔ ہلاک ہونے والے دہشتگردوں کا تعلق کالعدم تنظیم سے بتایا جاتا ہے جن کے قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ اور بارود بھی برآمد کرلیا گیا ہے۔ سی ٹی ڈی ترجمان نے مزید بتایا کہ ہلاک شدہ دہشتگرد سیکیورٹی فورسز اور معصوم شہریوں پر ہونے والے مختلف حملوں میں انتہائی مطلوب اور ملوث تھے۔

بقیہ 23

اور وہی ہر چیز کا نظام چلا رہا ہے۔ بانی پی ٹی آئی عمران خان کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے لیگی رہنما نے کہا کہ عمران خان ہوں یا بلاول خان ہمیں کسی کا کوئی خوف اور ڈر نہیں ہے کیونکہ جس مٹی سے ہم بنے ہیں، اس میں خوف کا کوئی عنصر شامل ہی نہیں ہے۔ آگے والے لوگ بھی اللہ پر ہی کامل بھروسہ رکھنے والے لوگ ہیں۔ رانا ثنا اللہ نے انکشاف کیا کہ محسن نقوی کو وفاقی وزیر داخلہ بنانے کی سفارش صدر مملکت آصف علی زرداری نے کی تھی، اس وقت آصف علی زرداری صدر مملکت کے عہدے پر فائز تھے اور حکومت ان کے ساتھ اپنے سیاسی تعلقات خوشگوار اور بہتر رکھنا چاہتی تھی، اسی سیاسی ضرورت اور تعلقات کو قائم رکھنے کی خاطر محسن نقوی کو وزیر داخلہ مقرر کر دیا گیا، اگر ملک میں مکمل طور پر میرٹ اور سسٹم پر عمل درآمد کیا جاتا تو محسن نقوی بیک وقت سینیٹر، چیئرمین پی سی بی اور وفاقی وزیر داخلہ جیسے اہم ترین عہدوں پر ہرگز نہ پہنچ پاتے۔

بقیہ 24

امریکی ایلین ٹیررسٹ ریمووِل کورٹ کے پہلے مقدمے میں 47 سالہ افغان خاتون نزیرہ حاجی زادہ کو ملک بدر کر دیا گیا، امریکی محکمہ انصاف کے مطابق نزیرہ حاجی زادہ نے عدالت میں خود کو غیر ملکی دہشت گرد تسلیم کیا۔ افغان خاتون نے 2024 کے امریکی انتخابات کے روز داعش کی ایما پر اجتماعی فائرنگ کی سازش میں معاونت کی تھی، نزیرہ حاجی زادہ کے بیٹے اور داماد کو اسی سازش میں پہلے گرفتار کر کے سزا سنائی جا چکی ہے، امریکی کانگریس کی قائم کردہ ایلین ٹیررسٹ ریمووِل کورٹ کے سامنے نزیرہ حاجی زادہ کا مقدمہ تاریخ کا پہلا کیس ہے، امریکی اٹارنی جنرل ٹوڈ بلانچ نے مقدمے کو قومی سلامتی اور قانون کی حکمرانی کیلئے اہم کامیابی قرار دیتے ہوئے کہا کہ دہشتگردی کی حمایت کرنے والوں کو امریکا میں رہنے کی اجازت نہیں دی جائے گی

بقیہ 25

موجود جائز کے سامان زیورات نقدی لوٹ کر باسانی رفو چکر ہوگئے اہل اطلاعات کے مطابق گھر کے افراد شہر سے باہر گئے ہوئے تھے جس کی وجہ سے نامعلوم چوروں نے پورے گھر کا صفایا کر کے باسانی رفو چکر ہوگئے مزید کارروائی مقامی پولیس کر رہی ہے۔

بقیہ 26

کے مختلف شعبوں، خواتین اور کم عمر متاثرین کو فراہم کی جانے والی سہولیات، شکایات کے اندراج، قانونی معاونت اور دیگر متعلقہ اقدامات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ صوبائی مشیر ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے مرکز کے مختلف شعبوں کا دورہ کرتے ہوئے وہاں فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا اور متعلقہ حکام سے مختلف امور پر معلومات حاصل کیں۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ خواتین اور بچوں کو محفوظ، باوقار اور معاون ماحول کی فراہمی حکومت بلوچستان کی اہم ذمہ داری ہے۔ خواتین اور کم عمر متاثرین کو بروقت قانونی، سماجی اور ادارہ جاتی معاونت فراہم کرنے کے لیے مؤثر نظام ضروری ہے انہوں نے کہا کہ ویمن اینڈ جوینائل فیلیٹیشن سینٹر جیسے ادارے خواتین اور بچوں کو درپیش مسائل کے حل اور انہیں انصاف تک رسائی فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ ایسے مراکز میں سہولیات کی بہتری، ادارہ جاتی تعاون اور متعلقہ محکموں کے درمیان مؤثر رابطہ مزید مضبوط بنانے کی ضرورت ہے۔ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ محکمہ ترقی نسواں خواتین کے تحفظ، بااختیار بنانے اور انہیں درپیش مسائل کے مؤثر حل کے لیے متعلقہ اداروں کے ساتھ مل کر اقدامات جاری رکھے گا۔

بقیہ 27

طلب کر لئے۔ کابینہ سیکرٹری نے پنجاب، سندھ اور بلوچستان کی صوبائی حکومتوں کو خط لکھا ہے، جبکہ کابینہ ڈویژن کی جانب سے پولیس اہلکاروں کی دستیابی اور تعیناتی کا نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق پنجاب سے 15 ہزار، سندھ سے 8 ہزار جبکہ بلوچستان سے 500 پولیس اہلکار اسلام آباد بھجوائے جائیں گے، تینوں صوبوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ مطلوبہ پولیس نفری 20 ستمبر تک اسلام آباد میں تعینات کر دی جائے۔ ذرائع کے مطابق وفاقی دارالحکومت میں ممکنہ احتجاجی مظاہروں اور ریلیوں سے نمٹنے کے لئے ایک ہزار سے زائد کنٹینرز کا انتظام کیا جا رہا ہے، جبکہ 100 سے زائد کنٹینرز اہم مقامات پر پہلے ہی پہنچائے جا چکے ہیں، انسداد ہنگامہ آرائی یونٹس، خصوصی آلات اور ہجوم کو کنٹرول کرنے کیلئے ضروری سامان بھی الرٹ کر دیا گیا ہے۔ اس صورتحال کے پیش نظر وفاقی دارالحکومت کے داخلی و خارجی راستوں، اہم سرکاری عمارتوں اور حساس مقامات پر سیکیورٹی مزید بڑھانے کے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

بقیہ 28

قرآن خوانی میں شرکت کی۔ اس موقع پر ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے مرحوم کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی اور دعا کی۔ انہوں نے مرحوم کی قومی و عوامی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ دل جان خان مروت مرحوم نے مختلف اہم عہدوں پر فرائض انجام دیتے ہوئے ملک و قوم کی خدمت کی، جسے ہمیشہ قدر و احترام سے یاد رکھا جائے گا۔ سیدال خان ناصر نے مرحوم کے درجات کی بلندی، مغفرت اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام کے لیے دعا کی اور سوگوار خاندان کے لیے صبر جمیل کی دعا بھی کی۔ رسم قل میں سابق صوبائی وزیر صحت اکبر جان خان مروت، رکن قومی اسمبلی و پارلیمانی سیکرٹری قومی ورثہ و ثقافت فرح ناز اکبر، ڈاکٹر اصغر دل جان خان مروت، ڈاکٹر اسد دل جان خان مروت اور دیگر اہل خانہ و معززین نے شرکت کی۔

بقیہ 29

والی الحمود مسافر کوچ سامنے آنے والی ایل پی جی باؤزر کے درمیان تصادم ہوگیا حادثے میں دونوں گاڑیوں کے ڈرائیور موقع پر ہی جانبحق ہوگئے جاں بحق ہونے والے بوزر ڈرائیور کی شناخت محمد طارق کے نام سے ہوئی ہے جو نوشکی کا رہائشی بتایا جاتا ہے جبکہ الحمود کوچ کے ڈرائیور دولت خان بھی حادثے میں جاں بحق ہوئے جبکہ خواتین و بچوں سمیت 15 سے زائد افراد زخمی ہوگئے جن میں سے چار کی حالت تشویشناک بتائی جاتی ہے زخمی کو ابتدائی طبی امداد کے بعد کراچی منتقل کر دیا گیا

بقیہ 30

پر جا کر ان سے، مرحوم کے صاحبزادے لیفٹیننٹ کرنل سید طیب اور دیگر اہل خانہ سے تعزیت اور افسوس کا اظہار کیا۔ انہوں نے مرحوم کے درجات کی بلندی، مغفرت اور پسماندگان کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔ مشیر وزیراعلی نسیم الرحمان خان ملاخیل نے کہا کہ سید خلیل الرحمان مرحوم نے ہمیشہ حق اور سچ کی صحافت کو اپنا شعار بنائے رکھا، بلوچستان کے مظلوم طبقات، مساکین اور غریب عوام کی ترجمانی کی اور ان کے حقوق کے لیے اپنے قلم کے ذریعے ہمیشہ مؤثر آواز بلند کرتے رہے۔ ان کا شمار بلوچستان کے سینئر، سنجیدہ اور باوقار صحافیوں میں ہوتا تھا۔ انہوں نے اپنی طویل صحافتی زندگی کے دوران نہ صرف صحافت کے شعبے میں نمایاں خدمات انجام دیں بلکہ عوامی مسائل کو اجاگر کرنے اور محروم طبقات کے حقوق کے لیے بھی بھرپور کردار ادا کیا۔ ان کی صحافتی خدمات، اصول پسندی اور عوامی مسائل کے لیے آواز اٹھانے کے کردار ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ بعد ازاں نسیم الرحمان ملاخیل نے سید خلیل الرحمان مرحوم کے بھائی سید احمد علی اور صاحبزادے لیفٹیننٹ کرنل سید طیب کے ہمراہ مرحوم کی قبر پر حاضری دی، فاتحہ خوانی کی اور قبر پر پھولوں کی چادر چڑھائی۔

بقیہ 31

ہاؤس سبی میں منعقد ہوگی، جس کی صدارت ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) الیاس کبزئی کریں گے۔ کھلی کچہری میں تمام متعلقہ ضلعی محکموں کے افسران بھی شرکت کریں گے۔ اس موقع پر خواتین اپنے مسائل اور شکایات براہ راست ڈپٹی کمشنر اور متعلقہ محکموں کے افسران کے سامنے پیش کر سکیں گی، جبکہ مسائل کے فوری اور بروقت حل کے لیے موقع پر ضروری اقدامات کیے جائیں گے۔ ڈپٹی کمشنر سبی نے ضلع بھر کی خواتین سے اپیل کی ہے کہ وہ خصوصی کھلی کچہری میں بھرپور شرکت کریں اور اپنے مسائل کے حل کے لیے اس موقع سے استفادہ کریں۔

بقیہ 32

اوگرا کو نوٹس جاری کر دیا لاہور ہائیکورٹ نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں روزانہ کی بنیاد پر ہونے والے اضافے کے خلاف دائر درخواست پر سماعت کرتے ہوئے وفاقی حکومت اور آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی سمیت دیگر متعلقہ فریقین کو نوٹس جاری کر دیئے ہیں کیس کی سماعت جسٹس عابد عزیز شیخ کی سربراہی میں دو رکنی بینچ نے کی درخواست گزار کی جانب سے موقف اختیار کیا گیا کہ صرف ایک ہفتے کے دوران پیٹرول 30 روپے اور ڈیزل 25 روپے سے زائد فی لیٹر مہنگا کیا گیا ہے، پاکستان میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں خطے کے کئی ممالک سے نمایاں طور پر زیادہ ہیں ۔ درخواست میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ قیمتوں میں اضافے کے لئے صرف عالمی منڈی کا حوالہ دینا کافی نہیں، حکومت فی لیٹر قیمت کا مکمل اور شفاف فارمولہ عدالت کے سامنے پیش کرے پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں مسلسل اضافے سے ملک میں مہنگائی کا نیا طوفان برپا ہو چکا ہے جس نے عام آدمی کی زندگی کو اجیرن بنا دیا ہے درخواست میں عدالت سے استدعا کی گئی ہے کہ حکومت سے پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں کا مکمل پرائس بلڈ اپ طلب کیا جائے اور عوام کو پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں فوری ریلیف فراہم کرنے کا حکم دیا جائے۔

بقیہ 33

وزیراعظم نے غریب طبقے کیلئے ریلیف کا اعلان کیا ہے اور ہماری پوری کوشش ہے کہ زیادہ سے زیادہ لوگ اس پیکج سے مستفید ہوسکیں۔ انہوں نے کہا کہ 15 سال پرانی موٹر سائیکلیں اور 20 سال پرانی گاڑیاں بھی اس پروگرام کے لئے اہل ہوں گی۔ انہوں نے بتایا کہ عالمی صورتحال کے باعث پیٹرولیم مصنوعات مہنگی ہوئی ہیں، اس لیے ہمیں فیول ریلیف اسکیم کے اس پروگرام کو مکمل توازن کے ساتھ لے کر چلنا ہے۔ شزا فاطمہ نے کہا کہ موٹر سائیکل والے ہفتے میں ایک بار اور گاڑی والے ہر 10 دن میں ایک بار سبسڈی حاصل کر سکتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ رجسٹریشن کیلئے آپ کو صرف چار چیزیں فراہم کرنی ہیں اور جس نمبر سے میسج کیا جائے وہ شناختی کارڈ اور موبائل سم آپ کے نام پر ہونا لازمی ہے۔ شزا فاطمہ نے بتایا کہ یہ پروگرام دو حصوں میں تقسیم ہے، پہلے حصے میں رجسٹرڈ ہونا ہے، صارف نے اپنے شناختی کارڈ پر رجسٹرڈ سم سے REG، شناختی کارڈ نمبر، صوبے کا پہلا ہندسہ (مثال کے طور پر آپ سندھ سے ہیں تو آپ نے S لکھنا ہے) اور بائیک یا گاڑی کی رجسٹریشن کی تاریخ لکھ کر 9771 پر بھیجنا ہے۔ وزیر آئی ٹی شزا فاطمہ نے مزید کہا کہ رجسٹریشن کے بعد پھر جب آپ پیٹرول لینے جائیں گے تو صارف نے 9771 پر TOK لکھ کر میسج کرنا ہے اور اپنا موصول شدہ ٹوکن پیٹرول پمپ پر دکھا کر سبسڈی حاصل کرنی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اپنا شناختی کارڈ نمبر یا کوئی بھی ڈیٹا کسی سے بھی شیئر نہیں کرنا، حکومت شہریوں سے نہ کوئی ڈیٹا مانگے گی اور نہ ہی کوئی چارجز مانگے گی، اس میں جو بھی غلطیاں ہوں گی ان کو دیکھیں گے اور ٹھیک کرتے جائیں گے۔ اس موقع پر وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے اسکیم کے مقصد کی وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ یہ سبسڈی صرف غریب آدمی اور مستحق لوگوں کیلئے شروع کی گئی ہے، کیونکہ ہمارے ملک میں سب سے غریب طبقہ چنگچی اور موٹر سائیکل پر سفر کرتا ہے۔ وزیراعظم نے مستحق افراد کے لئے خصوصی ریلیف سکیم کا اجرا کیا، یہ ریلیف ان لوگوں کے لئے ہے جن پر تیل کی قیمتوں میں اضافے کا سب سے زیادہ بوجھ ہے۔ ہر کسی کے پاس سمارٹ فون نہیں، اس لئے ایپ نہیں بنائی، انہوں نے بتایا کہ 9771 نمبر سے موصول ہونے والا ٹوکن پمپ پر دکھا کر پیٹرول لیا جا سکے گا۔ یہ سہولت 14 اور 15 ستمبر کی درمیانی رات سے اسلام آباد جبکہ 16 ستمبر کی رات بارہ بجے سے پورے پاکستان، گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر میں دستیاب ہوگی۔ موٹر سائیکل اور 800 سی سی گاڑی تک ریلیف ملے گا، 9771 سے موصول ہونے والا ٹوکن پیٹرول پمپ پر دکھانا ہے، ایسا نظام پہلے کبھی نہیں متعارف کروایا گیا۔ وزیراعظم نے عوام کے دکھ کا احساس کرتے ہوئے خصوصی سکیم کا اجرا کیا۔ کوشش کر رہے ہیں پیٹرول پمپس پر قطاریں نہ لگیں، سبسڈی کیلئے رجسٹریشن گھر بیٹھے ہی ہو سکے گی، لیوی کم کرنے سے امیر طبقہ بھی سبسڈی سے مستفید ہوتا۔ وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک کا کہنا تھا کہ خطے کی صورتحال سے سب واقف ہیں، پاکستان 90 فیصد توانائی کی ضروریات درآمد کر رہا ہے، حکومت عوام کو ہر ممکن ریلیف فراہم کر رہی ہے، وزیراعظم ریلیف پیکیج کا اجرا کمزور طبقے کیلئے کیا گیا ہے، وزیراعظم نے عوام کو 130 ارب روپے کی سبسڈی فراہم کی۔

بقیہ 34

کے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا، چیف آف آرمی اسٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز نے بالخصوص دفاع اور سلامتی کے شعبوں میں تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔م آئی ایس پی آر نے کے مطابق ایڈمرل ڈاکٹر محمد علی نے پاک فوج کی پیشہ ورانہ مہارت کو سراہا، ایڈمرل ڈاکٹر محمد علی نے علاقائی امن اور استحکام کے لیے پاک فوج کی خدمات کا اعتراف کیا۔

بقیہ 35

اسلامی مستقل مزاجی سے قوم کا مقدمہ لڑ رہی ہے، کارکن اور اسپورٹرز تمام تر حالات میں ڈٹے ہوئے ہیں، اسلام آباد جا رہے ہیں اور صرف ہاتھ لگا کر واپس نہیں آئیں گے۔ لاہور میں دھرنے کے مقام پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ انہوں نے کہا کہ پیٹرولیم لیوی کا مکمل خاتمہ جماعت اسلامی کا بنیادی مطالبہ ہے اور حکومت کی جانب سے دیا گیا ریلیف پیکیج خوش آئند تاہم ناکافی ہے۔ ملک بھر میں پیٹرولیم لیوی کے خلاف دھرنوں کی تعداد 40 ہوگئی ہے اور احتجاج کا 30 واں روز ہے۔ دھرنے اب ایک قومی تحریک کی شکل اختیار کر چکے ہیں، جن میں خواتین سمیت عوام کی شرکت روز بروز بڑھ رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے مذاکرات کے لیے مزید ایک دن کا وقت مانگا ہے، مذاکرات آج ہوں یا کل، جماعت اسلامی کا واضح مطالبہ ہے کہ پیٹرولیم لیوی ختم کی جائے۔ حکومت کا یہ کہنا کہ لیوی ختم کرنے کی صورت میں اخراجات کیسے پورے ہوں گے، قابل قبول جواب نہیں، کیونکہ جماعت اسلامی کی مذاکراتی ٹیم لیوی کے متبادل سمیت 6 تجاویز حکومت کو دے چکی ہے۔

بقیہ 1

ہیں۔شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) محض دعووں کی سیاست پر یقین نہیں رکھتی بلکہ عملی اقدامات کے ذریعے عوام کی زندگیوں میں بہتری لانا چاہتی ہے۔حکومت کی جانب سے جاری ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل سے روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے اور صوبے میں معاشی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام نے ہمیشہ مشکل حالات میں ملک کے ساتھ کھڑے ہوکر حب الوطنی کا ثبوت دیا ہے،اب وقت ہے کہ بلوچستان کے عوام کو ان کا جائز حق، بہتر بنیادی سہولیات اور ترقی کے یکساں مواقع فراہم کیے جائیں۔وفاق اور صوبائی حکومت کے درمیان بہتر رابطے اور مربوط حکمت عملی کے ذریعے صوبے کے مسائل کو مؤثر انداز میں حل کیا جاسکتا ہے۔رکن بلوچستان اسمبلی نے کہا کہ عوام کے مسائل کے حل کے لیے منتخب نمائندے اپنی ذمہ داریاں پوری کریں گے اور ترقیاتی منصوبوں میں معیار، شفافیت اور رفتار کو یقینی بنایا جائے گا۔عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی قابل قبول نہیں ہوگی۔شیخ زرک خان مندوخیل نے مزید کہا کہ مسلم لیگ (ن) کی قیادت ملک کو معاشی استحکام، ترقی اور خوشحالی کی جانب لے جانے کے لیے پرعزم ہے۔حکومت کی مثبت پالیسیوں کے ثمرات بتدریج عوام تک پہنچ رہے ہیں اور آنے والے دنوں میں ترقیاتی عمل کو مزید وسعت دی جائے گی۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان کا روشن مستقبل امن، سیاسی استحکام، تعلیم، روزگار اور مسلسل ترقی سے وابستہ ہے، اور مسلم لیگ (ن) اس مقصد کے حصول کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کرتی رہے گی۔

بقیہ 2

کی صورت میں محدود پیمانے پر کاشت کاری ممکن ہوتی ہے، جبکہ سال کے بیشتر عرصے میں زمینیں غیر آباد رہتی ہیں۔زمینداروں نے غیر آباد اور بارانی زمینوں پر عائد ٹیکس کے حوالے سے اپنے تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے حکومتِ بلوچستان سے اس معاملے پر زمینی حقائق کو مدنظر رکھتے ہوئے نظر ثانی کی درخواست کی ملاقات میں بینظیر کسان گرین کارڈ، زرعی سہولیات، زمینداروں کو درپیش دیگر مسائل اور علاقے میں زرعی سرگرمیوں کے فروغ سے متعلق امور بھی زیر بحث آئے۔وفد نے زمینداروں کو درپیش مشکلات کے حل اور انہیں حکومتی زرعی سہولیات تک بہتر رسائی فراہم کرنے کے لیے مؤثر اقدامات کی ضرورت پر زور دیا ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع مقبول احمد بلوچ نے زمینداروں کے مسائل اور تجاویز غور سے سنیں اور انہیں یقین دلایا کہ ان کے جائز مسائل و تحفظات متعلقہ اعلیٰ حکام تک پہنچائے جائیں گے، جبکہ محکمہ زراعت کی جانب سے دستیاب وسائل اور دائرہ اختیار کے اندر رہتے ہوئے مسائل کے حل کے لیے ہرممکن تعاون فراہم کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ حکومتِ بلوچستان زراعت کے فروغ، زمینداروں کی سہولت اور جدید و پائیدار زرعی طریقوں کے فروغ کے لیے اقدامات کر رہی ہے، جس کے ثمرات مقامی زمینداروں تک پہنچانا محکمہ زراعت کی ترجیحات میں شامل ہے۔

بقیہ 3

جبکہ اس کے دو بیٹے شدید زخمی ہوگئے۔حادثے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو ٹیمیں اور مقامی افراد فوری طور پر جائے وقوعہ پر پہنچ گئے، جنہوں نے جاں بحق ہونے والے شخص کی لاش اور دونوں زخمیوں کو فوری طور پر طبی امداد کے لیے ٹیچنگ ہسپتال لورالائی منتقل کردیا۔اسپتال ذرائع کے مطابق حادثے کے نتیجے میں جاں بحق ہونے والے شخص کی شناخت عطامحمد ولد حاجی کمال خان قوم دمڑ، سکنہ اغبرگ سنجاوی کے نام سے ہوئی ہے، جبکہ زخمی ہونے والے دونوں بیٹوں کے نام سہیل خان اور مزمل خان بتائے گئے ہیں جن کا اسپتال میں علاج جاری ہے۔

بقیہ 4

میڈیا پر جاری کردہ اپنے ایک بیان میں الحمدللہ کا ورد کرتے ہوئے بتایا کہ انہوں نے عوام کی سہولت کے لیے درآمد شدہ سمارٹ فونز پر عائد شدید ٹیکسوں کے طریقہ کار میں نمایاں تبدیلی حاصل کرلی ہے، اس کے علاوہ ریگولیٹری ڈیوٹی کی مد میں ٹیکس میں بھی تقریبا 18 ہزار روپے کی کمی ہوئی ہے۔قاسم گیلانی نے لکھا کہ ماضی میں سمارٹ فون صارفین کو اپنا موبائل فون استعمال کرنے کے لیے ایک لاکھ روپے سے لے کر ڈھائی لاکھ روپے تک کا بھاری پی ٹی اے ٹیکس یکمشت ادا کرنا پڑتا تھا جو کہ عام شہری کی پہنچ سے مکمل طور پر باہر ہو چکا تھا، نئی کامیابی کے تحت اب صارفین کو یہ بھاری رقم ایک ساتھ دینے کی ضرورت نہیں رہے گی بلکہ وہ اب محض 8 ہزار روپے سے لے کر 17 ہزار روپے تک ماہانہ کی آسان اقساط میں اپنا پی ٹی اے ٹیکس ادا کر کے فون استعمال کرسکیں گے۔ان کا کہنا تھا کہ ٹیکنالوجی کے دور میں سمارٹ فون اور انٹرنیٹ اب بنیادی ضرورت بن چکے ہیں، ان پر غیر معمولی ٹیکسیشن نے نوجوانوں اور پیشہ ور افراد کو معاشی طور پر سخت پریشان کر رکھا تھا، ان شا اللہ ہم صرف اس ریلیف پر ہی اکتفا نہیں کریں گے بلکہ عوام کو ٹیکنالوجی اور ڈیجیٹل ڈیوائسز کے میدان میں مزید رعایتیں اور آئندہ کے لیے مزید آسانیاں اور رعایت دلوانے کے لیے اپنی آئینی اور سیاسی جدوجہد باقاعدگی سے جاری رکھیں گے۔

بقیہ 5

ضرورت کے مطابق ٹراما سینٹرز اور دیگر صحت کی سہولیات میں منتقل کیا جاتا ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایم ای آر سی 1122 ہیڈ آفس میں 9 نئی ایمبولینسز کی فراہمی کی تقریب رونمائی اور ایمرجنسی رسپانس سوفٹویئر کے افتتاح کے دوران کیا۔تقریب سے اپنے خطاب میں ڈی جی ایم ای آر سی 1122 ذوالفقار جتوئی نے کہا کہ جدید ایمبولینسز اور ڈیجیٹل رسپانس سوفٹویئر کے ذریعے ہنگامی صورتحال میں رسپانس ٹائم مزید بہتر ہوگا اور زخمیوں کو بروقت طبی امداد کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے گی۔اس موقع پر ڈی جی ہیلتھ سروسز بلوچستان ڈاکٹر محمد امین مندوخیل نے کہا کہ محکمہ صحت ایمرجنسی سروسز کو مزید مؤثر بنانے اور صوبے کے دور دراز علاقوں تک بروقت طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ ایمرجنسی ایمبولینس سروس کے بیڑے میں 9 نئی ایمبولینسز شامل کی گئی ہیں جو ایڈوانس لائف سپورٹ کی سہولت سے لیس ہیں۔ان ایمبولینسز کے اضافے سے سروس کا دائرہ کار مزید وسیع ہوگا اور حادثات میں زخمی ہونے والے افراد کو بروقت طبی امداد اور محفوظ منتقلی کی سہولت میسر آئے گی۔جہاں مرک 1122 کے تمام ریسکیورز 24 گھنٹے، ہفتے کے ساتوں دن انتہائی مستعدی اور پیشہ ورانہ انداز میں اپنی خدمات انجام دے رہے ہیں۔حادثات کی صورت میں فوری رسپانس کے باعث متعدد قیمتی انسانی جانیں بچائی گئی ہیں۔صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ ہم بہت جلد بلوچستان کے تمام ایمبولینس کو 1122 کے کنٹرول اینڈ کمانڈ میں لا رہے ہیں تاکہ باقی صوبوں کی طرح بلوچستان کے عام عوام ایمبولینس سروس سے مستفید ہوسکیں۔انہوں نے کہا کے کہ ہم سی ایم بلوچستان کے وژن کے مطابق شعبہ صحت میں انقلابی اصلاحات کر رہے ہیں تاکہ ان کے ثمرات عوام تک پہنچیں۔مرک 1122 کے ایمرجنسی رسپانس سوفٹویئر کے ذریعے بلوچستان بھر میں موجود ایمبولینسز کی مؤثر ٹریکنگ ممکن ہوگی۔اس نظام کے تحت کسی بھی ضلع میں موجود ایمبولینس کی موجودہ پوزیشن، دستیابی اور نقل و حرکت کا بروقت معلومات حاصل کیا جا سکے گا، جبکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں قریب ترین ایمبولینس کو منظم اور مؤثر انداز میں جائے حادثہ پر روانہ کیا جا سکے گا۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی وسیع و عریض جغرافیائی حدود میں عوام کو بروقت صحت کی سہولیات کی فراہمی کے لیے ڈیجیٹلائزیشن واحد مؤثر راستہ ہے۔جدید سوفٹویئر کے ذریعے نہ صرف شفافیت میں اضافہ ہوگا بلکہ ایمبولینسز کی مؤثر مانیٹرنگ، بہتر انتظام اور ہنگامی حالات میں فوری رسپانس کو بھی یقینی بنایا جا سکے گا۔صوبائی وزیر صحت نے ریسکیو ٹیم، ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ، متعلقہ افسران اور فیلڈ میں دن رات خدمات انجام دینے والے تمام مرک 1122 اہلکاروں کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ بلوچستان میں ایک ماڈل ایمرجنسی سروس بن چکی ہے۔حکومت بلوچستان کے تعاون سے ان سروسز کو مزید وسعت دی جائے گی تاکہ صوبے کے کسی بھی علاقے میں خدانخواستہ حادثے کی صورت میں متاثرین کو بروقت طبی امداد، ابتدائی طبی سہولت اور صحت کے مناسب مرکز تک منتقلی کی سہولت میسر ہو اور قیمتی انسانی جانوں کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔

بقیہ 6

ہیں جبکہ زندہ بچ جانے والے بچے اور دیگر افراد زندگی بھر کے لئے شدید ذہنی صدمے کا شکار ہو رہے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ امریکی حکومت کو ان ہولناک کارروائیوں میں اپنی شمولیت ختم کرنی چاہیے۔

بقیہ 7

کی فوری منظوری دے دی وزیراعلیٰ بلوچستان کی ہدایت پر محکمہ صحت نے ڈاکٹر ضیاء الدین ہسپتال کراچی کو باقاعدہ مراسلہ جاری کرتے ہوئے مریضہ کا علاج سرکاری اخراجات پر کرنے کی ہدایت کی ہے اس موقع پر صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان غریب اور مستحق مریضوں کو علاج معالجے کی سہولیات کی فراہمی کو خصوصی اہمیت دے رہے ہیں۔حکومت بلوچستان کسی بھی مستحق مریض کو علاج کی بنیادی سہولت سے محروم نہیں رہنے دے گی انہوں نے کہا کہ پاپو بی بی کے علاج کے لیے سرکاری اخراجات کی منظوری وزیراعلیٰ بلوچستان کے عوام دوست اور انسان دوست وژن کا عملی ثبوت ہے۔حکومت مشکل کی گھڑی میں اپنے عوام کے ساتھ کھڑی ہے اور مستحق افراد کی ہرممکن مدد جاری رکھی جائے گی محکمہ صحت کے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق مریضہ کے علاج کی اجازت ایک ماہ کے لیے مؤثر ہوگی، جبکہ کینسر کے علاج کے سلسلے میں او پی ڈی (OPD) کی سہولت بھی اس منظوری میں شامل ہے عوامی و سماجی حلقوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان اور صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ کے اس انسانی ہمدردی پر مبنی اقدام کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ سرکاری تعاون سے مریضہ کو بروقت اور معیاری علاج کی سہولت میسر آئے گی۔

بقیہ 8

69 ہزار 217 ہوگئی۔الیکشن کمیشن کے تازہ اعداد و شمار کے مطابق ملک بھر میں رجسٹرڈ ووٹرز کی تعداد میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔2 جولائی کے بعد مجموعی طور پر 2 لاکھ 94 ہزار 818 نئے ووٹرز کا اندراج کیا گیا، جس کے بعد ملک میں ووٹرز کی مجموعی تعداد 13 کروڑ 68 لاکھ 69 ہزار 217 ہوگئی ہے۔الیکشن کمیشن کے مطابق پنجاب ملک کا سب سے زیادہ ووٹرز رکھنے والا صوبہ ہے، جہاں رجسٹرڈ ووٹرز کی تعداد 7 کروڑ 75 لاکھ 71 ہزار 216 ہوگئی ہے۔2 جولائی کے بعد پنجاب میں 94 ہزار 582 نئے ووٹرز کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔خیبر پختونخوا میں ووٹرز کی تعداد 2 کروڑ 34 لاکھ 92 ہزار 258 ہوگئی جبکہ 2 جولائی کے بعد صوبے میں 85 ہزار 309 نئے ووٹرز کا اندراج ہوا۔سندھ میں رجسٹرڈ ووٹرز کی تعداد 2 کروڑ 87 لاکھ 41 ہزار 92 تک پہنچ گئی ہے اور صوبے میں اس عرصے کے دوران 65 ہزار 345 نئے ووٹرز کا اضافہ ہوا۔اعداد و شمار کے مطابق بلوچستان میں ووٹرز کی مجموعی تعداد 58 لاکھ 154 ہوگئی ہے، جہاں 2 جولائی کے بعد 37 ہزار 372 نئے ووٹرز کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں رجسٹرڈ ووٹرز کی تعداد 12 لاکھ 64 ہزار 497 ہوگئی، جبکہ اس عرصے کے دوران اسلام آباد میں 12 ہزار 210 نئے ووٹرز کا اندراج کیا گیا۔الیکشن کمیشن کے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق آبادی کے لحاظ سے بڑے شہروں اور اضلاع میں بھی رجسٹرڈ ووٹرز کی تعداد میں نمایاں فرق سامنے آیا ہے، جبکہ لاہور سب سے زیادہ رجسٹرڈ ووٹرز رکھنے والا ضلع ہے، جہاں 74 لاکھ 12 ہزار 267 ووٹرز رجسٹرڈ ہیں۔الیکشن کمیشن کے مطابق فیصل آباد میں 55 لاکھ 83 ہزار 461، راولپنڈی میں 34 لاکھ 95 ہزار ایک، ملتان میں 32 لاکھ 77 ہزار 884 جبکہ گوجرانوالہ میں 29 لاکھ 62 ہزار 772 ووٹرز رجسٹرڈ ہیں۔سیالکوٹ میں رجسٹرڈ ووٹرز کی تعداد 29 لاکھ 60 ہزار 283 ہے۔کراچی کے مختلف اضلاع میں بھی بڑی تعداد میں ووٹرز رجسٹرڈ ہیں۔کراچی سینٹرل میں 22 لاکھ 77 ہزار 495، کراچی ایسٹ میں 18 لاکھ 6 ہزار 179، کراچی کورنگی میں 16 لاکھ 30 ہزار 590، کراچی ساؤتھ میں 13 لاکھ 13 ہزار 906 جبکہ کراچی ویسٹ میں 10 لاکھ 25 ہزار 410 ووٹرز رجسٹرڈ ہیں۔حیدرآباد میں 12 لاکھ 87 ہزار 640، خیرپور میں 14 لاکھ 50 ہزار 378، نوشہرو فیروز میں 9 لاکھ 97 ہزار 162 اور بدین میں 9 لاکھ 96 ہزار 858 ووٹرز رجسٹرڈ ہیں۔خیبر پختونخوا میں پشاور 22 لاکھ 45 ہزار 452 رجسٹرڈ ووٹرز کے ساتھ نمایاں ہے جبکہ مردان میں 16 لاکھ 43 ہزار 274، مانسہرہ میں 11 لاکھ 82 ہزار 277، چارسدہ میں 11 لاکھ 38 ہزار 99 اور سوات میں 9 لاکھ 12 ہزار 653 ووٹرز رجسٹرڈ ہیں۔اسلام آباد میں رجسٹرڈ ووٹرز کی تعداد 12 لاکھ 64 ہزار 497 ہے۔بلوچستان میں کوئٹہ 9 لاکھ 48 ہزار 657 رجسٹرڈ ووٹرز کے ساتھ سب سے بڑا ووٹر ضلع ہے۔الیکشن کمیشن کے اعداد و شمار کے مطابق پشین میں 3 لاکھ 47 ہزار 91، خضدار میں 3 لاکھ 20 ہزار 871، کیچ میں 2 لاکھ 87 ہزار 518، نصیرآباد میں 2 لاکھ 57 ہزار 501، چمن میں 2 لاکھ 7 ہزار 882، حب میں ایک لاکھ 52 ہزار 866، ڈیرہ بگٹی میں ایک لاکھ 52 ہزار 555، جعفرآباد میں ایک لاکھ 50 ہزار 352 جبکہ گوادر میں ایک لاکھ 49 ہزار 337 ووٹرز رجسٹرڈ ہیں۔دوسری جانب ملک میں خواتین ووٹرز کی تعداد بھی 6 کروڑ 39 لاکھ 27 ہزار 116 تک پہنچ گئی ہے۔الیکشن کمیشن کے مطابق ملک میں مرد اور خواتین ووٹرز کے درمیان فرق 90 لاکھ 14 ہزار 985 ہے۔لاہور خواتین ووٹرز کے اعتبار سے بھی سرفہرست ہے، جہاں 35 لاکھ 49 ہزار 226 خواتین ووٹرز رجسٹرڈ ہیں۔

بقیہ 9

کے مطابق معاہدے پر مسلسل عمل درآمد ہی لبنان کی خودمختاری بحال کرنے اور اسرائیل کی سلامتی یقینی بنانے کا واحد قابل عمل طریقہ ہے۔اس معاہدے کے تحت مذاکرات کا ساتواں دور اگست میں روم میں ہوا تھا تاہم اہم علاقائی اور سرحدی معاملات پر کوئی پیشرفت نہ ہوسکی۔دوسری جانب وسیع تر علاقائی تنازع کے دوران حزب اللہ اور اسرائیل کے درمیان دو مارچ کو ایک بار پھر جنگ شروع ہوگئی تھی۔

بقیہ 10

سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال گوادر ڈاکٹر حفیظ الرحمن کی زیر صدارت ہوا، جس میں ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر گوادر واجہ محمد حسن، میڈیکل ایکسپرٹ ڈاکٹر ثناء، عابد سہرابی، ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر فاروق، سوشل ویلفیئر آفیسر میڈیکل سوشل سروسز سنٹر عبیداللہ سمیت محکمہ سوشل ویلفیئر کے متعلقہ افسران و اہلکاروں نے شرکت کی میڈیکل بورڈ کے دوران خصوصی افراد کی رجسٹریشن کے لیے موصول ہونے والی درخواستوں اور متعلقہ طبی کیسز کا تفصیلی طبی و قانونی جائزہ لیا گیا۔اجلاس میں مجموعی طور پر 46 درخواستوں کا جائزہ لیا گیا، جن میں سے 40 درخواست گزاروں کو طبی معائنے اور مقررہ معیار پر پورا اترنے کی بنیاد پر معذوری سرٹیفکیٹ جاری کرنے کی سفارش کی گئی، جبکہ 2 درخواستیں مقررہ طبی معیار پر پورا نہ اترنے کے باعث مسترد کی گئیں۔مزید 4 درخواست گزار بورڈ کے سامنے پیش نہ ہو سکے جن کے کیسز پر آئندہ پیشی کے بعد فیصلہ کیا جائے گا اس موقع پر میڈیکل بورڈ کے اراکین کا کہنا تھا کہ خصوصی افراد کی رجسٹریشن اور معذوری سرٹیفکیٹس کے اجراء کا عمل شفاف، منصفانہ، میرٹ اور مقررہ طبی معیار کے مطابق جاری رکھا جائے گا، تاکہ حقیقی مستحق افراد کو ان کے حقوق اور حکومت کی جانب سے فراہم کردہ فلاحی، سماجی تحفظ اور دیگر معاون سہولیات تک رسائی یقینی بنائی جا سکے۔

بقیہ 11

بہ ہے یہاں پر چند لوگوں کی یہ خواہش ہوسکتی ہے کہ صوبہ ترقی کی بجائے اندھیر کی طرف چلی جائے لیکن ان کی یہ صرف خواب ہوسکتا ہے بلوچستان سے منتخب نمائندے اور سیاسی جماعتیں تمام اس پیج پر ہے کہ بلوچستان ترقی کرے اور ترقی کی راہ پر گامزن ہوسکے یہی وجہ ہے کہ بلوچستان اس وقت دیگر صوبوں کے برابر لانے کی لائن میں کھڑا ہوگیا ہے اور جلد دیگر صوبوں کے برابر ہوگی عوام اپنے آپ کو مایوس اور اکیلے نہیں سمجھے حکومت اس کی بھرپور رہنمائی کرے گی اور ان کے مسائل حل کرنے کے لیے ہمارے منتخب نمائندوں کے دروازے عوام کے لیے کھلے ہیں۔

بقیہ 12

نے کہا کہ مستونگ کے عوام کے بنیادی مسائل حل کرنے کے بجائے عوامی حق کے ترقیاتی فنڈز کو مبینہ طور پر ذاتی پسند و ناپسند کی بھینٹ چڑھایا جا رہا ہے۔انہوں نے سوال اٹھایا کہ جب مستونگ میں سڑکیں، پانی، تعلیم اور صحت کے منصوبے فوری توجہ کے مستحق ہیں تو پھر بی ایس ڈی آئی فنڈز میں ان بنیادی ضروریات کو نظرانداز کرنے کی آخر کیا وجہ ہے؟ انہوں نے کہا کہ مستونگ روڈ، واٹر سپلائی اسکیم، ساتھ کلیاں، دو ہائی اسکولز اور ایک بنیادی مرکزِ صحت (BHU) جیسی اہم عوامی اسکیموں کو نظرانداز کرنا مستونگ کے عوام کے ساتھ کھلی ناانصافی کے مترادف ہے۔چیف نادر سمالانی نے الزام عائد کیا کہ بی ایس ڈی آئی فنڈز کی تقسیم میں شفافیت کے اصولوں کو پامال کرتے ہوئے مبینہ طور پر من پسند افراد کو نوازا گیا، جبکہ حقیقی عوامی ضرورت رکھنے والے علاقوں کو محروم رکھا گیا۔انہوں نے کہا کہ اگر فنڈز کی تقسیم میرٹ اور عوامی ضرورت کی بنیاد پر ہوئی ہے تو انتظامیہ اس کا مکمل ریکارڈ عوام کے سامنے لانے سے گریز کیوں کر رہی ہے؟ انہوں نے گورنر بلوچستان، چیف سیکرٹری بلوچستان اور متعلقہ اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا کہ بی ایس ڈی آئی فنڈز کی تقسیم کا فوری طور پر مکمل آڈٹ اور غیرجانبدارانہ انکوائری کرائی جائے، منظور شدہ اسکیموں کی فہرست عوام کے سامنے لائی جائے اور مبینہ بے ضابطگی ثابت ہونے کی صورت میں ذمہ دار افسران کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے۔چیف نادر سمالانی نے خبردار کیا کہ مستونگ کے عوام کے حقوق پر کسی صورت سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور اگر عوامی منصوبوں کو نظرانداز کرکے فنڈز کی مبینہ بندر بانٹ کا سلسلہ جاری رہا تو سیاسی و سماجی حلقے بھرپور احتجاج کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔چیف نادر سمالانی نے کہا کہ عوامی فنڈز کسی افسر یا فرد کی جاگیر نہیں، یہ عوام کی امانت ہیں اور ان کے استعمال کا حساب عوام کو دینا ہوگا۔

بقیہ 13

پر بھی موجود ہیں، لاک ہیڈ مارٹن کے 4 کلسٹر میزائلوں نے 20 سے زائد ایرانی شہری شہید کئے۔ایرانی میڈیا کے مطابق ایک بیان میں اسماعیل بقائی نے کہا کہ میزائلوں میں ایک لاکھ 80 ہزار تک دھاتی ٹکڑے موجود تھے، امریکا نے یہ میزائل پہلی بار لامرد میں استعمال کیے، حملے میں 180 ایرانی شہری میزائلوں کے ٹکڑے لگنے سے زخمی ہوئے۔انہوں نے کہا کہ چھ ماہ گزرنے کے باوجود متعدد بچے اور افراد معذوری اور شدید تکلیف سے دوچار ہیں، کچھ بچوں کے جسموں میں پری ایس ایم میزائلوں کے ٹنگسٹن کے ذرات اب بھی موجود ہیں، لامرد کے عوام کے ساتھ پیش آنے والے سانحے کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔اسماعیل بقائی نے کہا کہ ہر شہادت و نقصان کا ریکارڈ محفوظ کیا جائے گا، ایران ان شواہد کو عالمی فورمز پر انصاف کے حصول کیلئے پیش کرے گا، حملے کے ذمہ داروں، کمانڈروں اور معاونین کے احتساب کے لئے یہ شواہد استعمال کریں گے۔

بقیہ 14

تفصیلات کے مطابق صحبت پور ضلع کی تحصیل فرید آباد تھانے کی حدود کنڈھا خان لاڑو کے قریب تین سے زائد نقاب پوش مبینہ مسلحہ افراد نے اسلحہ کے زور پر جیانی ڈپ سے واپسی پر ہول سیلر سے گیارہ لاکھ دس ہزار چھین کر فرار ہوگئے پولیس گشت تو اپنی جگہ وجود کھو بیٹھی ہے۔

بقیہ 15

پہنچا، ان حملوں کے نتیجے میں امریکا نے ایران کے خلاف دوبارہ فضائی حملے کیے اور پابندیاں عائد کر دیں جس کے بعد جوابی کارروائیوں کا ایک نیا سلسلہ شروع ہوگیا۔اخبار کے مطابق آبنائے ہرمز میں ہونے والے اس حملے نے ایرانی صدر مسعود پزشکیان کو شدید برہم کردیا وہ اس وقت ایران کے شہید سپریم لیڈر سید علی خامنہ ای کے جنازے کے سلسلے میں عراق میں موجود تھے۔ذرائع نے امریکی اخبار کو بتایا کہ صدر پزشکیان فوراً تہران واپس پہنچے اور غصے میں پاسداران انقلاب کے سربراہ احمد وحیدی کو فون کر کے جواب طلب کیا تاہم احمد وحیدی نے اس حملے کی اجازت دینے یا اس کے بارے میں پیشگی علم ہونے سے صاف انکار کردیا۔

بقیہ 16

آج بھی بنیادی سہولت آب سے محرومی کی شکایات کر رہے ہیں، جے یو آئی تحصیل سوراب کے عہدیداران نے کہا کہ سرکاری ریکارڈ میں مختلف ترقیاتی منصوبوں اور فنڈز کا ذکر موجود ہونے کے باوجود عوام کو ان منصوبوں کے ثمرات نظر نہیں آ رہے۔انہوں نے متعلقہ محکمے کی کارکردگی پر سوالات اٹھاتے ہوئے کہا کہ اگر فنڈز باقاعدگی سے جاری ہوئے ہیں تو ان کے ثمرات عوام تک کیوں نہیں پہنچ رہے اور پانی کے مسائل تاحال کیوں برقرار ہیں، انہوں نے الزام عائد کیا کہ متعلقہ افسران عوامی مسائل کے حل میں سنجیدگی کا مظاہرہ نہیں کر رہے اور عوام اپنے بنیادی مسائل کے سلسلے میں متعلقہ حکام کے دفاتر کے چکر لگانے پر مجبور ہیں، ان کا کہنا تھا کہ سرکاری افسران عوام کے خادم ہیں، انہیں عوام سے دور رہنے کے بجائے ان کے مسائل سننے اور حل کرنے کے لیے عملی اقدامات کرنے چاہئیں، جے یو آئی تحصیل سوراب کے عہدیداران نے مطالبہ کیا کہ سوراب میں گزشتہ تین بجٹ کے دوران پی ایچ ای کو جاری کیے گئے فنڈز، مکمل ہونے والے منصوبوں اور ان پر ہونے والے اخراجات کا شفاف آڈٹ کرایا جائے، جبکہ نامکمل اور غیر فعال منصوبوں کی وجوہات بھی عوام کے سامنے لائی جائیں، انہوں نے صوبائی حکومت، محکمہ پی ایچ ای کے اعلیٰ حکام اور ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا کہ سوراب میں پانی کی فراہمی کے منصوبوں کا فوری جائزہ لیا جائے، عوامی شکایات کا ازالہ کیا جائے اور اگر کسی سطح پر غفلت یا بے ضابطگی ثابت ہوتو ذمہ داروں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے۔

بقیہ 17

کی جانب سے سعودی عرب پر حملوں میں اضافہ ہوا ہے دریں اثنا یمن کی حوثی اکثریتی تنظیم انصار اللہ نے سعودی عرب میں ڈرونز اور میزائلوں سے حملے کا دعویٰ کیا ہے۔ حوثیوں کا کہنا ہے کہ سعودی عرب کے علاقے خمیس مشیط میں ایئربیس کو نشانہ بنایا ہے یمن کی حوثی اکثریتی تنظیم انصار اللہ کے مطابق خمیس مشیط کا شمار سعودی عرب کے بڑے ایئربیسوں میں ہوتا ہے۔

بقیہ 18

فروشوں، جرائم پیشہ عناصر اور قانون شکن افراد کے خلاف کارروائیاں بلاامتیاز جاری رکھی جائیں گی، جبکہ عوام کے جان و مال کے تحفظ، معاشرے کو منشیات سے پاک کرنے اور امن و امان کے قیام کے لیے تمام دستیاب وسائل ہر صورت بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔

بقیہ 19

خان کی سربراہی میں تین رکنی بینچ نے پیر کو کیس کی سماعت کی۔بینچ میں جسٹس عامر فاروق اور جسٹس علی باقر نجفی شامل تھے۔دوران سماعت جسٹس عامر فاروق نے ریمارکس دیئے کہ جیل رول نمبر 197 کے تحت قیدی کے علاج کے اخراجات حکومت برداشت کرے گی، رول 197 میں کوئی ابہام نہیں، عدالت کا حکم قانون کے مطابق ہونا چاہیے۔جسٹس عامر فاروق نے استفسار کیا کہ نجی ہسپتال ہی کیوں؟ سرکاری ہسپتال کیوں نہیں؟ قیدیوں کا علاج پولی کلینک یا پمز ہسپتال میں کیوں نہیں ہوسکتا؟ انہوں نے کہا کہ نجی ہسپتال میں علاج جیل مینوئل کے خلاف ہے۔جسٹس علی باقر نجفی نے ریمارکس دیئے کہ تمام قیدیوں کے ساتھ مساوی سلوک ہونا چاہیے، جیل مینوئل بالکل واضح ہے۔انہوں نے استفسار کیا کہ اگر جیل مینوئل پر عمل نہیں کرنا تو پھر اس کا کیا فائدہ؟ دوران سماعت وکیل نے بانی پی ٹی آئی سے متعلق سپریم کورٹ کے مقدمے کا حوالہ دیا۔چیف جسٹس امین الدین خان نے ریمارکس دیئے کہ اگر ایسی بات تھی تو آپ سپریم کورٹ میں درخواست دائر کرتے، آپ اسی مقدمے میں فریق کیوں نہ بنے؟ وکیل نے بتایا کہ یہ مقدمہ آئینی درخواست کے ذریعے دائر کیا گیا تھا، آئینی درخواست کی اپیل وفاقی آئینی عدالت میں ہوسکتی ہے۔وفاقی آئینی عدالت نے درخواستوں کو ابتدائی سماعت کے لیے منظور کرتے ہوئے اٹارنی جنرل اور دیگر فریقین کو نوٹسز جاری کردیئے اور کیس کی مزید سماعت منگل تک ملتوی کردی۔

بقیہ 20

کامرس گیٹ وے، وزارت قومی صحت و خدمات اور ایس آئی ایف سی کے تعاون سے منعقد کیا گیا۔نمائش میں مختلف ممالک سے بین الاقوامی وفود، قونصل جنرلز اور ہیلتھ کیئر کمپنیوں نے شرکت کی جب کہ وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال نے ہیلتھ ایشیا نمائش کا افتتاح کیا۔اس دوران مختلف ممالک کی کمپنیوں نے جدید طبی مصنوعات، آلات اور ٹیکنالوجی نمائش کے لیے پیش کی۔چین، جاپان، کوریا اور تائیوان سمیت مختلف ممالک کے وفود اور جدید طبی مشینری نے ایکسپو کی اہمیت بڑھا دی۔نمائش میں شریک شہریوں کے مطابق ہیلتھ ایشیا ایکسپو عوام میں جدید طبی سہولیات اور صحت کے حوالے سے آگاہی کا موثر ذریعہ ہے۔ایسے پروگرام پاکستان کے ہیلتھ سیکٹر میں نئی سرمایہ کاری، ٹیکنالوجی اور ریونیو کے مواقع پیدا کر سکتے ہیں۔شہریوں کا کہنا تھا کہ ہیلتھ سیکٹر میں ایسی سرگرمیاں جدید طبی سہولیات کی پاکستان میں دستیابی اور بیرونِ ملک علاج کی ضرورت کم کرنے میں مددگار ثابت ہوسکتی ہیں۔

بقیہ 21

گی، اب وقت آ گیا ہے کہ پاکستان میں انتظامی ری سٹرکچرنگ کی جائے۔ایم کیو ایم پاکستان کے مرکز بہادر آباد میں کراچی کے کارکنان کے جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا ہے کہ اختیارات اور وسائل کا کنٹرول پاکستان کے عام شہریوں کے ہاتھ میں آنا چاہیے، صوبوں نے 18 ویں ترمیم کے بعد اختیارات اور وسائل کا ناجائز فائدہ اٹھایا۔مصطفیٰ کمال کا کہنا ہے کہ موجودہ نظام حکومت کے باعث عام پاکستانیوں کی محرومیوں میں اضافہ ہوا ہے، 79 سال سے یہ نظام ملک میں غدار پیدا کر رہا ہے اور اپنے ہی لوگوں کو اپنی فوج سے لڑوا رہا ہے۔انہوں نے کہا ہے کہ کراچی میں کتے کے کاٹنے، کھلے گٹروں میں گرنے اور ڈمپرز کی زد میں آ کر بچے اور شہری جان سے جا رہے ہیں، جبکہ ہسپتالوں میں غلط سرنج کے استعمال سے ایڈز پھیل رہا ہے۔مصطفیٰ کمال کے مطابق سڑکوں پر موبائل چھیننے کے دوران نوجوان قتل ہو رہے ہیں، کراچی کے نوجوانوں کیلئے کوئی سرکاری روزگار نہیں اور کوٹے پر بھی کوٹہ نہیں دیا جاتا۔انہوں نے کہا ہے کہ جب شہر کے کوٹے کی بات آتی ہے تو جعلی ڈومیسائل پر نوکریاں فروخت کردی جاتی ہیں۔

بقیہ 22

ہیں' پیٹرولیم مصنوعات ہمیں درآمد کرنی پڑتی ہیں 'حکومت مہنگی پیٹرولیم مصنوعات خرید کر عوام کو کم ریٹ پر مہیا کر رہی ہے' موجودہ حکومت جلد مہنگائی پر قابو پائے گی۔ان خیالات کا اظہار سینیٹر چوہدری عابد شیر علی نے چنیوٹ بازار کے صدر ملک شاہد رسول کے آفس میں تاجروں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا' سینیٹر چوہدری عابد شیر علی نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے موٹرسائیکل' چنگ چی اور چھوٹی گاڑیوں کیلئے خصوصی ریلیف پیکیج کا اعلان کردیا ہے' شہری ریلیف پیکیج سے فائدہ اٹھائیں اور خود کو رجسٹرڈ کروا کر فی لیٹر پیٹرول پر 100 روپے کی رعایت حاصل کریں' اس موقع پر انہوں نے پی ٹی آئی کی قیادت پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ ملک پہلے ہی حالت جنگ میں ہے اور پی ٹی آئی سمیت کئی سیاسی جماعتیں ملک میں عدم استحکام پیدا کرنے کی کوششوں میں مصروف ہیں' ان کی ان حرکتوں سے ملک میں مزید بحرانی کیفیت پیدا ہوگی اور عام آدمی متاثر ہوگا' انہوں نے کہا کہ ہمیں ان کا کوئی خوف نہیں ہے' حکومت ان سے نمٹنے کیلئے تیار ہے'۔اس موقع پر چنیوٹ بازار کے صدر ملک شاہد رسول' جنرل سیکرٹری میاں عمران' سپریم انجمن تاجران کے صدر حاجی اسلم بھلی و دیگر تاجر رہنماؤں نے سینیٹر چوہدری عابد شیر علی کی توجہ آٹھ بازاروں کے دکانداروں کو درپیش مسائل کی طرف دلائی اور کہا کہ بیوٹیفکیشن کے نام پر تاجروں کا کاروبار تباہ ہو چکا ہے' کچہری بازار تو گویا ریا بن چکا ہے' کچہری بازار جو کبھی کاروباری حب تھا اب ٹک ٹاک سنٹر بن چکا ہے' وہاں کے تاجروں کے پاس دکانوں کا کرایہ اور ملازموں کی تنخواہیں دینے کیلئے پیسے نہیں ہیں اور وہ ملازمین کو فارغ کر رہے ہیں جو نہایت افسوسناک ہے'اب امین پور بازار اور جھنگ بازار میں بیوٹیفکیشن ہو رہی ہے اور وہاں کے تاجر بھی سخت اذیت سے دوچار ہیں' خدارا ہماری آواز کو وزیراعظم اور وزیراعلیٰ تک پہنچائیں اور ان سے کہیں کہ آٹھ بازاروں کے تاجروں کو بیوٹیفکیشن نہیں کاروبار چاہیے جس سے ان کے گھروں میں خوشحالی آئے' یہ بیوٹیفکیشن ختم کر کے دکانداروں کو چین سے کام کرنے دیا جائے' اس کے علاوہ پارکنگ نہ ہونے کی وجہ سے کاروبار بالکل ٹھپ ہوگیا ہے' کسٹمر گاڑی اٹھائے جانے کے خوف سے آٹھ بازاروں کا رخ نہیں کرتا' ہماری آپ سے اپیل ہے کہ جلد از جلد پارکنگ پلازے مکمل کئے جائیں تاکہ لوگ اپنی گاڑیوں کو مناسب جگہ پر پارک کر کے تسلی سے خریداری کرسکیں' یاد رہے کہ سینیٹر چوہدری عابد شیر علی گزشتہ دنوں فوت ہونے والے ملک شاہد رسول کے بڑے بھائی اور حافظ ابوبکر ملک شاہد رسول کے تایا جان ملک ریاض رسول' ریل بازار کے تاجر رہنما ملک حماد' ملک عثمان کی پھوپھو جان اور میڈیسن مارکیٹ کے لیگی تاجر رہنما عبدالوحید علوی کے بڑے بھائی محمد سعید علوی کی وفات پر اظہار افسوس کیلئے آئے تھے اس موقع پر سینیٹر چوہدری عابد شیر علی ان تاجر رہنماؤں کی رہائش گاہوں پر گئے اور فوت شدگان کیلئے فاتحہ خوانی کی۔

بقیہ 23

ہوئی جس کے بعد لیڈی ڈاکٹر نے نومولود بچی کو گیس میں رکھنے کا کہا۔اس دوران ساتھ موجود خاتون کو ادویات لانے کے لیے باہر بھیجا گیا۔عبدالکریم کھوسہ کے مطابق خاتون ادویات لے کر واپس آئی تو نومولود بچی وہاں موجود نہیں تھی۔انہوں نے بتایا کہ لیڈی ڈاکٹر سے بچی کے بارے میں دریافت کیا گیا تو بتایا گیا کہ بچی کسی اور خاتون کے حوالے کردی گئی ہے تاہم کئی گھنٹے گزرنے کے باوجود بچی کا کوئی سراغ نہیں مل سکا جس پر ورثاء نے احتجاج کرتے ہوئے ہسپتال انتظامیہ سے واقعے کی وضاحت اور سی سی ٹی وی فوٹیج چیک کرکے ذمہ داروں کا تعین کرنے کا مطالبہ کیا۔پولیس ذرائع کے مطابق اطلاع ملتے ہی پولیس نے فوری کارروائی شروع کی اور مبینہ طور پر غائب ہونے والی نومولود بچی کو بازیاب کرلیا جبکہ واقعے میں ملوث ہونے کے شبہ میں ایک خاتون کو گرفتار کرلیا گیا۔پولیس نے بچی کو بحفاظت ورثاء کے حوالے کردیا جس کے بعد اہلخانہ میں خوشی کی لہر دوڑ گئی اور انہوں نے پولیس کی بروقت کارروائی پر اطمینان کا اظہار کیا۔پولیس کے مطابق واقعے کی مزید تحقیقات جاری ہیں اور تمام پہلوؤں سے تفتیش کی جا رہی ہے۔

بقیہ 24

میں سالانہ یالٹا یورپی اسٹریٹجی میٹنگ میں کہا کہ اگر ماسکو نیٹو پر حملہ کرتا ہے تو نیٹو روس کو جلد شکست دے سکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ اگر روس نے ہم پر حملہ کیا اور ہم نے اپنے دستانے اتار دیے تو میں سمجھتا ہوں کہ ہم روس کو بہت جلد شکست دیں گے۔ہمیں فضائی طاقت میں روس پر زبردست برتری حاصل ہے۔جنرل صاحب، اگر میں غلط ہوں تو مجھے درست کریں، لیکن یہ 2500 طیاروں کی طرح ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ یہاں تک کہ امریکہ کے بغیر بھی نیٹو طاقتور ہے اور میں نے حال ہی میں دیکھا کہ کتنے ایف 35 اور JASSMs اور ہمارے پاس بڑا حملہ کرنے کی تمام صلاحیتیں ہیں۔

بقیہ 25

جاری تشدد کے باعث عام شہریوں کی مشکلات میں اضافہ ہو رہا ہے۔حکام کے مطابق متاثرہ علاقوں میں صورتحال بدستور کشیدہ ہے اور ہلاکتوں میں مزید اضافے کا خدشہ ہے۔حکومت نے عالمی برادری سے مطالبہ کیا ہے کہ شہریوں کے تحفظ کیلئے موثر اقدامات کیے جائیں اور یمن میں جاری کشیدگی کے خاتمے کے لئے سفارتی کوششیں تیز کی جائیں۔

بقیہ 26

لاشیں سمندر سے نکال لی گئیں، حادثے میں جاں بحق ہونے والے افراد کی شناخت شیر محمد، عامر اور سلام کے نام سے ہوئی ہے۔ایدھی فاؤنڈیشن کے مطابق لاپتہ افراد کی تلاش اور ریسکیو کارروائی مکمل کرلی گئی ہے، حادثے کی مزید تفصیلات اور واقعے کی وجوہات سے متعلق متعلقہ حکام کی جانب سے تحقیقات جاری ہیں۔یہ بھی پڑھیں: پاکستان میں رجسٹرڈ ووٹرز کی تعداد 13 کروڑ 68 لاکھ سے تجاوز کرگئی

بقیہ 27

دفتری امور بھی زیادہ مؤثر شفاف اور بروقت طریقے سے پایہ تکمیل تک پہنچیں گے۔انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان کی جانب سے میرٹ اور شفافیت کے فروغ کے لیے اٹھایا جانے والا اقدام خوش آئند ہے تاہم اس پالیسی کو مؤثر اور قابل عمل بنانے کے لیے ضروری ہے کہ گزشتہ پانچ ماہ کے دوران مختلف سرکاری محکموں میں ہونے والی بھرتیوں کا بھی جائزہ لیا جائے۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ گزشتہ پانچ ماہ کے دوران ہونے والی بھرتیوں میں مبینہ بے ضابطگیوں اقربا پروری من پسند افراد کو نوازنے میرٹ کی خلاف ورزی اور مبینہ طور پر ملازمتوں کی خرید و فروخت کے الزامات کی تحقیقات کے لیے ایک بااختیار پارلیمانی کمیٹی تشکیل دی جائے۔کمیٹی تمام بھرتیوں کا غیرجانبدارانہ اور شفاف جائزہ لے کر حقائق سامنے لائے اور اگر کسی بھی مرحلے پر میرٹ کی خلاف ورزی یا غیرقانونی عمل ثابت ہو تو ذمہ دار عناصر کے خلاف آئین و قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے۔انہوں نے مزید کہا کہ ماضی کی بھرتیوں میں اگر اہل امیدواروں اور مستحق لواحقین کے حقوق متاثر ہوئے ہیں تو ان کی داد رسی بھی ضروری ہے کیونکہ میرٹ اور شفافیت صرف اعلانات تک محدود نہیں ہونی چاہیے بلکہ عملی طور پر بھی نظر آنی چاہیے۔ایسے اقدامات ہی سے سرکاری ملازمتوں میں سیاسی اثر و رسوخ، اقربا پروری بندر بانٹ اور خرید و فروخت کا راستہ مستقل طور پر روکا جا سکتا ہے۔اپکا بلوچستان کے رہنماں نے امید ظاہر کی کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میرٹ شفافیت اور قانون کی بالادستی کے حوالے سے اپنے اعلان کو عملی جامہ پہناتے ہوئے سابقہ بھرتیوں کی شکایات اور مبینہ بے ضابطگیوں کا بھی نوٹس لیں گے تاکہ صوبے کے نوجوانوں کا سرکاری اداروں پر اعتماد بحال ہو اور آئندہ تمام بھرتیاں صرف اہلیت قابلیت اور میرٹ کی بنیاد پر یقینی بنائی جاسکیں۔

بقیہ 28

ممکن ہوگی اور دور دراز علاقوں کو ان کے مسائل کے حل کے لیے زیادہ بااختیار بنایا جاسکے گا۔اس سے مقامی حکومتوں اور انتظامیہ کی استعدادکار میں اضافہ ہوگا اور عوامی مسائل کے حل کے لیے فیصلہ سازی کا عمل مزید تیز ہوگا۔بلال خان کاکڑ نے کہا کہ نئے صوبوں کے قیام سے علاقائی ترقی کے عمل میں توازن پیدا کیا جاسکتا ہے اور پسماندہ علاقوں کو قومی دھارے میں مزید مؤثر انداز میں شامل کرنے میں مدد ملے گی۔خصوصاً قدرتی وسائل سے مالا مال علاقوں میں مقامی آبادی کو ترقی کے ثمرات پہنچانے اور سرمایہ کاری کے مواقع پیدا کرنے کے لیے مؤثر انتظامی نظام ناگزیر ہے۔

بقیہ 29

جائے گی۔دہشت گردی کے خلاف سیکیورٹی اداروں کی یہ بے مثال جدوجہد پوری قوم کے لیے باعث فخر ہے، اور صوبے کے غیور عوام اپنے تحفظ اور مستقبل کے امن کے لیے سیکیورٹی فورسز کی تمام تر خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔صوبائی وزیر نے مزید کہا کہ فتنہ الہندوستان سے وابستہ دہشت گردوں کے خلاف یہ کارروائی ایسے تمام عناصر کے نیٹ ورک کے لیے ایک واضح وارننگ ہے۔انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ امن دشمن عناصر کے خلاف ریاست کی زیرو ٹالرنس پالیسی ہر سطح پر بلا تعطل جاری رہے گی۔دہشت گردی کے خلاف قومی یکجہتی اور ہمارے سیکیورٹی اداروں کی لازوال قربانیاں ہی پائیدار امن کی اصل ضمانت ہیں۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں امن، استحکام اور ترقی کے سفر میں رکاوٹ بننے والی تمام قوتوں کو عبرت ناک شکست دی جائے گی اور دہشت گردی کے مکمل سدباب تک ان عناصر کے خلاف کارروائیوں کا یہ سلسلہ پوری قوت کے ساتھ جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 30

تھا۔عرب میڈیا کے مطابق جزیرہ میون پر قبضے کے بعد حوثیوں کا باب المندب پر مکمل کنٹرول ہوگیا ہے۔انصار اللہ نے آبنائے باب المندب پر گرفت مضبوط ہونے کا دعویٰ کیا تھا۔انصار اللہ نے سعودی حمایتی فورسز کے زیر استعمال امریکی ساختہ بکتر بند ٹینک پر بھی قبضے کا دعویٰ کیا تھا۔

بقیہ 31

جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے قائم مقام چیف آپریٹنگ آفیسر محمد قاسم کی جانب سے ایئرپورٹ ہیلتھ آفیسر کو بھیجے گئے خط میں کہا گیا ہے کہ ایئرپورٹ ہیلتھ آفس کے 7 ستمبر کے لیٹر کے مطابق 14 ستمبر (پیر) سے بین الاقوامی مسافروں کیلئے نادرا سے مربوط ڈیجیٹل ویکسینیشن کارڈ لازمی قرار دیا جانا تھا۔اس مقصد کے لئے صرف ایک ڈسپنسری سہولت مختص کی گئی ہے۔خط میں کہا گیا ہے کہ پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی عوامی صحت کے اقدامات کی حمایت کرتی ہے، تاہم مناسب پیشگی اطلاع، آپریشنل ہم آہنگی اور مختلف اداروں کے درمیان مطلوبہ رابطے کے بغیر اس ہدایت پر عمل درآمد جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر سنگین انتظامی اور آپریشنل خطرات پیدا کرسکتا ہے۔خط کے مطابق 7 ستمبر کو ہونے والے فنکشنل کنٹرول کمیٹی کے اجلاس میں بھی متعلقہ فریقوں نے اس ہدایت پر عمل درآمد کی صورت میں پیدا ہونے والے خدشات سے آگاہ کیا تھا، جبکہ چیئرمین ایئرپورٹ آپریٹرز کمیٹی کی جانب سے 11 ستمبر کو بھی ان خدشات پر مناسب غور کرنے کی درخواست کی گئی۔پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی نے سفارش کی ہے کہ ڈیجیٹل ویکسینیشن کارڈ لازمی قرار دینے کی ڈیڈ لائن کم از کم یکم اکتوبر 2026 تک موخر کی جائے تاکہ تمام متعلقہ اداروں کے ساتھ مل کر مسافروں کے لیے قابل عمل اور موثر طریقہ کار حتمی شکل دیا جاسکے۔

بقیہ 32

معاشی اعداد و شمار مجموعی طور پر کمیٹی کی توقعات کے مطابق رہے۔کمیٹی کے مطابق اگست میں سالانہ بنیاد پر مجموعی مہنگائی جولائی کی 9.2 فیصد کے مقابلے میں بڑھ کر 11.1 فیصد ہوگئی، تاہم بنیادی مہنگائی توقعات سے معمولی کم رہی۔بیرونی کھاتے پر دباؤ قابو میں رہا جس میں ترسیلات زر اور مالیاتی آمدنی میں اضافے نے اہم کردار ادا کیا۔چوتھی سہ ماہی مالی سال 2026 میں معاشی سرگرمیوں میں سست روی کے بعد حالیہ بلند تعدد والے اشاریوں سے معاشی سرگرمیوں میں بتدریج بہتری کے آثار ظاہر ہوئے ہیں۔

بقیہ 33

جگہ جگہ دھکے کھاتے اور سالہا سال سرکاری دفاتر کے چکر لگاتے ہیں لیکن تقرری کے احکامات جاری نہیں کیے جاتے۔انہوں نے کہا کہ محکمہ واپڈا میں گزشتہ دس سال سے بھرتیاں نہیں کی جا رہیں، جبکہ محکمہ پبلک ہیلتھ میں بھی ایسے افراد موجود ہیں جو پندرہ پندرہ سال سے پرائیویٹ بنیادوں پر اپنی خدمات سرانجام دے رہے ہیں اور اسی امید پر کام کر رہے ہیں کہ انہیں مستقل کیا جائے گا مگر افسوس کہ اتنا طویل عرصہ گزرنے کے باوجود ان کے مستقل ہونے کے احکامات جاری نہیں ہوئے۔انہوں نے کہا کہ غریب ملازمین اور نوجوان اپنے روزگار کے لیے سالہا سال انتظار کرتے رہیں جبکہ بعض سرکاری افسران کی ذاتی جائیدادوں اور تعمیرات میں کروڑوں روپے خرچ ہونے کے سوالات سامنے آتے رہیں تو اس صورتحال پر سوال اٹھنا فطری ہے۔اگر کسی افسر نے گیارہ سال کے عرصے میں اپنے گھر کی تعمیر پر کروڑوں روپے خرچ کیے ہیں تو اس رقم کے ذرائع آمدن اور اخراجات کی وضاحت بھی ہونی چاہیے۔سرکاری عہدہ عوامی خدمت اور قومی امانت ہے اسے ذاتی مفادات کا ذریعہ نہیں بننا چاہیے۔جمعیت نظریاتی قلات اور جمہوری وطن پارٹی قلات نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان اور صوبائی حکومت نوجوانوں کو مزید وعدوں، اعلانات اور طفل تسلیوں کے ذریعے انتظار میں نہ رکھیں بلکہ عملی اقدامات کریں۔تمام محکموں میں زیرِ التوا تقرریوں کے آرڈرز فوری جاری کیے جائیں اور محکمہ پبلک ہیلتھ میں سالہا سال سے خدمات انجام دینے والے افراد کے مستقبل کا بھی واضح اور منصفانہ فیصلہ کیا جائے۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوان کسی خیرات کے طلبگار نہیں بلکہ اپنے حق کے روزگار اور مستقبل کے تحفظ کا مطالبہ کر رہے ہیں۔حکومت کے بڑے بڑے دعووں کی حقیقت اب اعلانات سے نہیں بلکہ عملی اقدامات سے ثابت ہوگی۔نوجوانوں کو مزید دفاتر کے چکر لگوانے اور سالہا سال انتظار کروانے کے بجائے ان کے جائز حقوق فوری طور پر دیے جائیں۔

بقیہ 34

وتعمیرات میں غیر ضروری اور وقت کے ساتھ اپنی افادیت کھونے والی آسامیوں کی تعداد میں مزید کمی متوقع ہے واضح رہے کہ ختم کی جانے والی آسامیوں کا تعلق ان مختلف کیٹیگریز سے ہے جن میں جدید ٹیکنالوجی اور جدید مشینری کے استعمال کے باعث انسانی کردار اور روایتی طریقہ کار کی ضرورت تقریباً مکمل طور پر ختم ہوچکی تھی ماضی میں جن کاموں کے لیے بڑی تعداد میں افرادی قوت اور مخصوص روایتی نوعیت کی پوسٹوں کی ضرورت ہوتی تھی جدید دور میں جدید مشینری اور ٹیکنالوجی کے استعمال کے باعث ان کاموں کی نوعیت تبدیل ہوگئی ہے۔

بقیہ 35

مطابق سیرک کے علاقے میں سنی جانے والی دھماکوں کی آوازیں آبنائے ہرمز میں جاری آپریشنل سرگرمیوں اور نگرانی کے آپریشنز سے متعلق ہیں۔

بقیہ 36

افسوس کا اظہار کرتے ہوئے اس واقع کی فوری اور شفاف تحقیقات کا مطالبہ کیا ہے۔پاکستان سینٹرل مائنز لیبر فیڈریشن کے ساتھیوں نے شاہرگ کوئلہ کان حادثے میں زخمی کانکنوں کی ہسپتال میں جا کر عیادت بھی کی اور فیڈریشن کے مکمل تعاون کا یقین دلایا۔پاکستان سینٹرل مائنز لیبر فیڈریشن نے انجینئر حسین ہارون کی نگرانی میں پی ایم ڈی سی ریسکیو ٹیم کے بروقت امدادی آپریشن کو سراہا جس کے نتیجے میں 5 مائن مزدوروں کو شدید زخمی حالت میں ہسپتال منتقل کرکے ان کی جان بچائی گئی۔پاکستان سینٹرل مائنز لیبر فیڈریشن کے مرکزی سیکرٹری جنرل سلطان محمد خان، مرکزی چیئرمین عبدالستار، آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے سیکرٹری اطلاعات و نشریات منظور احمد بلوچ، آل پاکستان لیبر فیڈریشن بلوچستان کے صدر شاہ علی بگٹی، شاہنواز زہری، سعید بلانوشی، شاہ وزیر، ولید سمیت دیگر ٹریڈ یونین نمائندوں نے کوئلہ کانوں میں بڑھتے ہوئے حادثات کی روک تھام کیلئے مائنز کے تحفظ کے قوانین اور آئی ایل او کنونشن C-176 کے موثر نفاذ کا مطالبہ کیا ہے جبکہ وفاقی اور صوبائی حکومت سے اپیل کی کہ مائننگ کے شعبے میں حادثات کے نتیجے میں قیمتی انسانی جانیں ضائع ہونے سے بچانے اور حادثات کی روک تھام کیلئے ٹھیکیداری نظام فوری طور پر ختم کیا جائے، روزانہ کی بنیاد پر مائنز انسپکشن یقینی بنائی جائے، مائنز ورکرز کیلئے ہیلمٹ، حفاظتی چشمے، سانس لینے کیلئے ماسک اور آکسیجن سلنڈر کا استعمال یقینی بنایا جائے جبکہ صحت و سلامتی کے قوانین کی خلاف ورزی کرنے والی مائنز کمپنیوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے، کوئلہ کان کے مزدوروں کے تحفظ کیلئے تمام ضروری حفاظتی اقدامات پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنانے کے حوالے سے اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ 37

سینٹرل کمیٹی نے شرکت کی۔اجلاس میں تنظیمی امور، صحافیوں کے حقوق، لوکل پرنٹ میڈیا کے تحفظ اور بلوچستان بھر میں میڈیا کارکنوں کو درپیش مسائل پر تفصیلی غور کیا گیا جبکہ فورم کے آئین و منشور کی منظوری سمیت اہم تنظیمی فیصلے بھی کیے گئے۔اجلاس سے مرکزی صدر قیوم بلوچ، سیکرٹری جنرل اللہ داد رند، رمضان بھٹو، محمد علی ہزارہ، مشتاق عزیز کھوسہ، شیخ فرید، ڈاکٹر رضا، گوونداراہجہ، عبدالنان صلاحی، اصغر بلوچ، اسد سندیلہ اور دیگر نے خطاب کیا۔مقررین نے حکومت بلوچستان کی جانب سے نافذ کی گئی ڈیجیٹل میڈیا پالیسی 2026ء کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ اس پالیسی کے نتیجے میں لوکل پرنٹ میڈیا سے وابستہ ہزاروں صحافیوں، نامہ نگاروں، رپورٹرز، فوٹوگرافرز اور دیگر میڈیا کارکنوں کے معاشی حقوق اور روزگار متاثر ہوں گے، لہٰذا صوبائی حکومت فوری طور پر اس پالیسی پر نظرثانی کرتے ہوئے اسے واپس لے۔اجلاس میں اس امر پر بھی زور دیا گیا کہ بلوچستان میں مقامی اخبارات اور ان سے وابستہ میڈیا کارکن صوبے کے دور دراز علاقوں میں عوامی مسائل اجاگر کرنے اور حکومت و انتظامیہ تک عوام کی آواز پہنچانے میں بنیادی کردار ادا کر رہے ہیں، اس لئے انہیں نظرانداز کرنے کے بجائے ان کے معاشی و پیشہ ورانہ حقوق کا تحفظ یقینی بنایا جائے۔بلوچستان میڈیا فورم کے رہنماؤں نے واضح کیا کہ صوبے کے کسی بھی علاقے میں میڈیا سے وابستہ کسی شخص کے ساتھ ناانصافی برداشت نہیں کی جائے گی اور صحافیوں کے بنیادی، قانونی اور پیشہ ورانہ حقوق پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔اجلاس میں مختلف علاقوں میں انتظامیہ اور بعض سرکاری افسران کی جانب سے نامہ نگاروں کے ساتھ نامناسب رویے کی سخت مذمت کرتے ہوئے مطالبہ کیا گیا کہ صحافیوں کے ساتھ عزت و احترام کا رویہ اختیار کیا جائے اور ان کے فرائض کی انجام دہی میں کسی قسم کی رکاوٹ پیدا نہ کی جائے۔

بقیہ 38

عزم کو ثابت کیا ہے۔مستونگ میں بروقت کارروائی نے واضح کردیا ہے کہ ریاست امن دشمن عناصر کے خلاف پوری طرح متحرک ہے۔انہوں نے کہا کہ فتنہ الہندوستان کے خلاف مؤثر کارروائی دہشت گردی کے خاتمے کے لیے ریاستی اداروں کے پختہ عزم کا مظہر ہے۔بلوچستان کے امن کو نقصان پہنچانے والے عناصر کسی صورت اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوں گے۔سردار عبدالرحمن کھیتران کا کہنا تھا کہ سیکیورٹی فورسز کی بروقت کارروائی امن دشمن قوتوں کے لیے واضح پیغام ہے۔دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی اہلکاروں کی قربانیاں پوری قوم کے لیے باعثِ فخر ہیں، جبکہ بلوچستان میں امن و امان کے قیام کے لیے سیکیورٹی اداروں کی خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ دہشت گردی کے خلاف پوری قوم سیکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے اور امن دشمن عناصر کے خلاف کارروائیوں میں کسی قسم کی نرمی کی گنجائش نہیں۔سردار عبدالرحمن کھیتران نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی اور خوشحالی کا راستہ امن و استحکام سے جڑا ہے، اس لیے دہشت گرد قوتوں کو ناکام بنانا ناگزیر ہے۔دہشت گردی کے مکمل خاتمے اور عوام کے تحفظ تک ریاستی کارروائیاں جاری رہنی چاہئیں۔

بقیہ 39

منظوری دی جائے گی۔ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف کے ساتھ جائزہ مذاکرات کے بعد نئی آٹو پالیسی کی حتمی منظوری دی جائے گی۔بین الاقوامی مالیاتی فنڈ کی جائزہ ٹیم رواں ماہ کے آخر میں پاکستان کا دورہ کرسکتی ہے۔آئی ایم ایف کی جائزہ ٹیم کے ساتھ نئی آٹو پالیسی کے مسودے پر مشاورت کی جائے گی، آئی ایم ایف سے مشاورت کے باعث پالیسی کی منظوری کا عمل مزید موخر ہونے کا امکان ہے۔واضح رہے کہ نئی آٹو پالیسی میں آئندہ 5 سال کے لیے آٹو سیکٹر کی ترقی اور برآمدات کا لائحہ عمل شامل ہوگا۔

بقیہ 40

قانون اور نظام عدل و سیاست سے بار بار کھلواڑ ہے، اسی بے حرمتی نے گورننس کا بحران پیدا کیا ہے۔خواجہ سعد رفیق نے کہا کہ پاکستانی اشرافیہ اور مقتدرہ کی ارتکاز اقتدار کی خواہش، اقربا پروری، بددیانتی، خود پسندی، انا اور خبطِ عظمت نے ملک کو معاشی بدحالی، لاقانونیت اور انتہاپسندی کی دلدل میں دھکیل دیا ہے۔

بقیہ 41

خضدار ژوب گوادر یا دیگر علاقوں سے جو غریب سائلین اپنے کام نکالنے کے لیے کوئٹہ کا رخ کرتے ہیں تو ان پر کیا گزرتی ہے ادھار پر حتیٰ کہ کچھ لوگ پیمنٹ لیکر کوئٹہ پہنچ جاتے ہیں اور یہاں پر ہفتوں ہفتوں انتظار کرنے کے بعد وزراء سے ملاقات کیے بغیر لوٹ کر چلے جاتے ہیں واضح رہے کہ جب سے صوبائی کابینہ وجود میں آئی ہے اس دن سے لیکر آج تک دو سے تین وزراء وہ بھی دو تین حاضر اور چار پانچ ہفتے غیر حاضر ہوتے ہیں بعض تو ایسے وزراء ہے کہ تین سال میں تین دفعہ بھی اپنے دفتر میں حاضر نہیں ہوئے ہیں اور نہ ہی عوام سے ملنے کی زحمت کرتے ہیں صوبائی وزراء کی غیر حاضری سول سیکرٹریٹ ویران اور ایسا لگتا ہے کہ سول سیکرٹریٹ کو صرف گاڑیوں کی پارکنگ تک تو زندہ ہے لیکن وزراء کی عدم توجہی کے باعث صوبائی سیکرٹری بھی اپنے چکروں میں مشغول ہوتے ہیں عوامی حلقوں نے حکومت وقت سے مطالبہ کیا کہ صوبائی وزراء کو اپنے دفاتر اور سیکرٹریٹ میں حاضر کیا جائے تاکہ عوام با آسانی اگر کام نہیں نکال سکتے کم ازکم وزراء کے چہروں کا دیدار تو کر سکے۔

بقیہ 42

مہارت اور بروقت کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا کہ اس سے ملک دشمن عناصر کے مذموم عزائم کو شدید دھکا لگا ہے۔معاون وزیراعلیٰ بلوچستان نے واضح کیا کہ صوبے اور ملک سے دہشت گردی کے ناسور کے مکمل خاتمے کے لیے سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں پوری قوت سے جاری ہیں۔انہوں نے دوٹوک الفاظ میں عزم ظاہر کیا کہ ہمارے سیکیورٹی ادارے دہشت گردی کا قلع قمع کرنے کے لیے پرعزم ہیں، اور ریاست اس وقت تک چین سے نہیں بیٹھے گی جب تک صوبے کے امن کو خراب کرنے والے آخری دہشت گرد کا بھی خاتمہ نہیں ہو جاتا۔انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف یہ جنگ منطقی انجام تک بھرپور عزم کے ساتھ جاری رکھی جائے گی۔

بقیہ 43

ہیں۔شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) محض دعووں کی سیاست پر یقین نہیں رکھتی بلکہ عملی اقدامات کے ذریعے عوام کی زندگیوں میں بہتری لانا چاہتی ہے۔حکومت کی جانب سے جاری ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل سے روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے اور صوبے میں معاشی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام نے ہمیشہ مشکل حالات میں ملک کے ساتھ کھڑے ہوکر حب الوطنی کا ثبوت دیا ہے،اب وقت ہے کہ بلوچستان کے عوام کو ان کا جائز حق، بہتر بنیادی سہولیات اور ترقی کے یکساں مواقع فراہم کیے جائیں۔وفاق اور صوبائی حکومت کے درمیان بہتر رابطے اور مربوط حکمت عملی کے ذریعے صوبے کے مسائل کو مؤثر انداز میں حل کیا جاسکتا ہے۔رکن بلوچستان اسمبلی نے کہا کہ عوام کے مسائل کے حل کے لیے منتخب نمائندے اپنی ذمہ داریاں پوری کریں گے

NOTICE INVITING TENDER

The Government of Balochistan has been provided funds to finance the cost of the following Schemes, for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2026 on Percentage Rates

S. No	Name of Work's	Estimated Cost	Last Date and Time of Bid Submission	Tender Opening
1	CLIMATE RESILIENT WATER CONSERVATION AND AQUAFIRE RECHARGE PROJECT FOR QUETTA [CONSTRUCTION OF THREE CELL BOX CULVERT] TSE-2627091193433	Rs. 9,250,869/-	29 September, 2026 09:00 AM	10:00 AM

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014 Amended up to date. **Eligibility of Bidders:** Eligibility Criteria for bidders may be seen in the Bidding Documents Bid Security for all the above works is 3% of the estimated cost. Tender fees for all the above works is Rs. 1,000/- each. **Bidding Procedure:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure for all bids. **Tender Documents:** The Bidding document can be downloaded from www.bppra.gob.pk (free of cost) and the same can also be obtained from the office of the under-signed upon payment of prescribed tender fee. Address: B-PPRA EPPS SYSTEM Office Address & for corresponding: Office of The Executive Engineer Irrigation Division Quetta. Phone No. 081-9201074

EXECUTIVE ENGINEER, IRRIGATION DIVISION QUETTA.

DPRQ/PRQ No.1360/14-09-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

آخری دہشت گرد کے خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی، شاہد رند

ریاست اس وقت تک چین سے نہیں بیٹھے گی جب تک صوبے کے امن کو خراب کرنے والے آخری دہشت گرد کا بھی خاتمہ نہیں ہو جاتا

ہمارے سیکیورٹی ادارے دہشت گردی کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کے لیے پرعزم ہیں، مستونگ میں سیکیورٹی فورسز کی کارروائی پر اطمینان کا اظہار

[illegible]

سنجاوی، کوئٹی ندی میں تیز رفتار موٹر سائیکل کو حادثہ، باپ جاں بحق جبکہ دو بیٹے زخمی

[illegible]

موبائل فونز کے ٹیکسوں سے پریشان شہریوں کیلئے خوشخبری

ریگولیٹری ڈیوٹی کی مد میں ٹیکس میں تقریباً 18 ہزار روپے کم ہوا ہے، رکن قومی اسمبلی قاسم گیلانی

[illegible]

مسلم لیگ (ن) عوامی خدمت پر یقین رکھتی ہے، زرک مندوخیل

حکومت کی جانب سے جاری ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل سے روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے اور صوبے میں معاشی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا

[illegible]

صوبائی وزراء کی مسلسل غیر حاضری سے سول سیکرٹریٹ قبرستان میں تبدیل، سائلین پریشان

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزراء کی مسلسل غیر حاضری سے سول سیکرٹریٹ قبرستان میں تبدیل، دور دراز علاقوں سے آئے ہوئے سائلین وزراء سے کام تو دور کی بات ملاقات کیے بغیر واپس لوٹ جاتے ہیں وزیراعلیٰ بلوچستان ایک طرف میرٹ کا لیکچر دیتے ہیں دوسری جانب اپنے کابینہ کے وزراء کو دفاتر میں حاضر کرنے کی زحمت نہیں کر سکتے صوبائی وزراء کی غیر حاضری کے حوالے سے جب متعلقہ پی ایس سے رابطہ کرتے ہیں تو جواب ملتا ہے کہ صاحب کراچی یا اسلام آباد گئے ہیں یا وزیراعلیٰ ہاؤس میں بیٹھ کر پورا دن وہاں پر گزارتے ہیں اور ان کو یہ معلوم نہیں ہے کہ جب (باقی صفحہ 3 نمبر 41)

آئین سے کھلواڑ اور اشرافیہ کی اقتدار کی خواہش نے ملک تباہ کر دیا، سعد رفیق

لاہور (سی ایم ایس) سابق وزیر ریلوے خواجہ سعد رفیق نے کہا ہے کہ آئین سے کھلواڑ اور اشرافیہ کی اقتدار کی خواہش بدنے ملک تباہ کر دیا۔ سماجی رابطوں کے پلیٹ فارم پر جاری اپنے بیان 'آواز دروں' میں سابق وفاقی وزیر خواجہ سعد رفیق نے کہا ہے کہ پاکستان کے ''مسائلستان'' بن جانے کی سب سے بڑی وجہ ملک کے آئین، (باقی صفحہ 3 نمبر 40)

غزہ میں بچے امریکی ساختہ بموں سے مارے جا رہے ہیں، امریکی رکن کانگریس

واشنگٹن (جی این ایم) امریکی رکن کانگریس راشدہ طلیب نے غزہ میں جاری اسرائیلی کارروائیوں پر امریکی حکومت کو بھی ذمے دار قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ غزہ میں نسل کشی اب بھی جاری ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری بیان میں راشدہ طلیب نے کہا کہ غزہ میں بچے امریکی ساختہ بموں سے مارے جا رہے ہیں (باقی صفحہ 3 نمبر 6)

بلوچستان میں ایمرجنسی ایمبولینس سروسز جدید خطوط پر استوار، 9 نئی ایمبولینس شامل

تمام ایمبولینسز کو جلد 1122 کنٹرول اینڈ کمانڈ میں لایا جائے گا، بخت محمد کاکڑ

کوئٹہ (جی این ایم) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ بلوچستان میں حادثات کے فوری رسپانس اور قیمتی انسانی جانوں کے تحفظ کے لیے ایمرجنسی ایمبولینس سروسز کو جدید خطوط پر استوار کیا جا رہا ہے۔ ہائی ویز سمیت مختلف مقامات پر حادثات کی صورت میں حکومت بلوچستان کے قائم کردہ مراکز 1122 مراکز پر متاثرین کو فوری طبی امداد فراہم کرنے کے بعد (باقی صفحہ 3 نمبر 5)

جیوانی کے زمینداروں کا بارانی زمینوں پر ٹیکس پر نظرثانی اور زرعی مسائل کے حل کا مطالبہ

زمینداروں کے مسائل اعلیٰ حکام تک پہنچائے جائیں گے، محکمہ زراعت کا تعاون کی یقین دہانی

گوادر (جی این ایم) حکومتِ بلوچستان کی زراعت دوست پالیسی کے تحت زمینداروں کو درپیش مسائل کے حل، زرعی شعبے کے فروغ اور پائیدار زراعت کے لیے اقدامات کا سلسلہ جاری ہے۔ اسی سلسلے میں تحصیل جیوانی اور گردونواح کے زمینداروں کے ایک وفد نے ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع مقبول احمد بلوچ سے ان کے دفتر میں ملاقات کی اور زمینداری سے متعلق مختلف مسائل و معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ وفد نے جیوانی اور گردونواح میں زرعی سرگرمیوں کی صورتحال سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ علاقے کی بیشتر زرعی زمینیں بارانی ہیں، جہاں بارشوں (باقی صفحہ 3 نمبر 2)

لاہور: امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن وزیراعلیٰ ہاؤس کے باہر دھرنے کے مقام پر پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

اسرائیل، لبنان سکیورٹی معاہدے پر مذاکرات آئندہ ماہ اٹلی میں ہوں گے، امریکہ

واشنگٹن (جی این ایم) امریکا کی ثالثی میں اسرائیل اور لبنان کے درمیان سرحدی کشیدگی کم کرنے کیلئے طے پانے والے سکیورٹی معاہدے پر آئندہ ماہ اٹلی کے دارالحکومت روم میں مذاکرات ہوں گے۔ امریکی محکمہ خارجہ کے عہدیدار نے خبر رساں ادارے رائٹرز کو بتایا کہ اسرائیلی اور لبنانی حکام اکتوبر میں روم میں ملاقات کریں گے جبکہ دونوں ممالک کے سفیر آئندہ ہفتے واشنگٹن میں بھی ملاقات کریں گے۔ امریکی عہدیدار (باقی صفحہ 3 نمبر 9)

وزیراعلیٰ بلوچستان نے ہرنائی کی کینسر مریضہ کے سرکاری خرچ پر علاج کی منظوری دے دی

پاپو بی بی کا کراچی میں کینسر کا علاج سرکاری اخراجات پر ہوگا، نوٹیفکیشن جاری

کوئٹہ (جی این ایم) صوبائی وزیر برائے محکمہ کموڈیٹی مینجمنٹ و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد خان دمڑ کی خصوصی سفارش پر وزیراعلیٰ بلوچستان نے ضلع ہرنائی سے تعلق رکھنے والی کینسر کی مریضہ محترمہ پاپو بی بی زوجہ شین گل خان کے علاج کے لیے سرکاری خرچ پر فنڈز (باقی صفحہ 3 نمبر 7)

ملک بھر میں ووٹرز کی تعداد 13 کروڑ 68 لاکھ 69 ہزار 217 ہوگئی

بلوچستان میں ووٹرز کی مجموعی تعداد 58 لاکھ 154 ہوگئی ہے، اعداد و شمار جاری

اسلام آباد (اے این این) 2 جولائی کے بعد ملک بھر میں ووٹرز کی تعداد میں 2 لاکھ 94 ہزار 818 کا اضافہ ہوا، جس کے بعد مجموعی رجسٹرڈ ووٹرز کی تعداد 13 کروڑ 68 لاکھ (باقی صفحہ 3 نمبر 8)

نئی آٹو پالیسی کی منظوری آئی ایم ایف کی مشاورت سے مشروط، مزید تاخیر کا امکان

اسلام آباد (اے این این) ملک میں نئی آٹو پالیسی کی حتمی منظوری آئی ایم ایف کی مشاورت سے مشروط کر دی گئی جس کے باعث آئندہ 5 سال کے لیے تیار کی گئی نئی آٹو ڈویلپمنٹ اینڈ ایکسپورٹ پالیسی کے اجرا میں مزید تاخیر کا امکان بڑھ گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق وزارت صنعت و پیداوار نے نئی آٹو پالیسی کا مسودہ تیار کر لیا ہے، تاہم اس کی حتمی منظوری ابھی زیر التوا ہے اور آئی ایم ایف سے مشاورت کے بعد ہی (باقی صفحہ 3 نمبر 39)

اسلام آباد: صدر آصف علی زرداری انڈونیشیا کی بحریہ کے سربراہ ایڈمرل ڈاکٹر محمد علی کو نشانِ امتیاز (ملٹری) عطا کر رہے ہیں

عوام کے مسائل حل کرنا ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے، سلیم کھوسہ

موجودہ حکومت نے جس طرح عوامی مسائل کو حل اور مشکلات دور کرنے کے لیے اقدامات کیے ہیں وہ ماضی کے حکومتوں کی تاریخ میں نظر نہیں، وزیر مواصلات

ہمارے دروازے ہمیشہ عوام کے لیے کھلے ہیں بلوچستان کو جلد دیگر صوبوں کے برابر لانے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کریں گے، بات چیت

کوئٹہ (اے این این) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر و صوبائی وزیر مواصلات میر سلیم کھوسہ نے کہا ہے کہ عوام کے مسائل حل کرنا ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے موجودہ حکومت نے جس طرح عوامی مسائل کو حل اور مشکلات دور کرنے کے لیے اقدامات کیے ہیں وہ ماضی کے حکومتوں کی تاریخ میں نظر نہیں آتی ہمارے دروازے ہمیشہ عوام کے لیے کھلے ہیں بلوچستان کو جلد دیگر صوبوں کے برابر لانے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کریں گے 'یہ بات انہوں نے میڈیا کے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہی' انہوں نے کہا کہ بلوچستان ایک پرامن اور خوشحال صو (باقی صفحہ 3 نمبر 11)

گوادر: خصوصی افراد کی رجسٹریشن اور معذوری سرٹیفکیٹس کے اجرا کے لیے میڈیکل بورڈ کا اجلاس

میڈیکل بورڈ نے 46 درخواستوں کا جائزہ لیا، 40 افراد کو معذوری سرٹیفکیٹ جاری کرنے کی سفارش

گوادر (جی این ایم) حکومتِ بلوچستان کی خصوصی افراد کی فلاح و بہبود، سماجی تحفظ اور انہیں معاشرے کے مرکزی دھارے میں شامل کرنے کی پالیسی کے تحت میڈیکل سوشل سروسز سنٹر، میر عبدالغفور کلمتی ٹیچنگ ہسپتال گوادر میں افرادِ باہم معذوری کی رجسٹریشن اور معذوری سرٹیفکیٹس کے اجراء کے لیے میڈیکل بورڈ کا اجلاس منعقد ہوا میڈیکل بورڈ کا اجلاس میڈیکل (باقی صفحہ 3 نمبر 10)

مستونگ میں سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی قابلِ فخر ہے، سردار عبدالرحمٰن کھیتران

بلوچستان کے امن کو نقصان پہنچانے والے عناصر کسی صورت اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوں گے

کوئٹہ (اے این این) سابق صوبائی وزیر سردار عبدالرحمٰن کھیتران نے مستونگ میں دہشت گردوں کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی کو قابلِ فخر قرار دیتے ہوئے سیکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین پیش کیا ہے۔ اپنے بیان میں سردار عبدالرحمٰن کھیتران نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے دہشت گرد عناصر کے ناپاک عزائم خاک میں ملا کر قوم کے تحفظ اور امن کے قیام کے (باقی صفحہ 3 نمبر 38)

مستونگ، بی ایس ڈی آئی فنڈز کی تقسیم میں من پسند افراد کو نوازنے کا الزام

عوامی فنڈز ذاتی پسند کی بھینٹ چڑھائے جا رہے ہیں، روڈ، واٹر سپلائی اور صحت کے منصوبوں کی نظر اندازی ناقابلِ برداشت ہے

مستونگ (یو این اے) سیاسی و سماجی رہنما چیف نادر سالانی نے ڈپٹی کمشنر مستونگ اور ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر مستونگ پر شدید تنقید کرتے ہوئے الزام عائد کیا ہے کہ ضلعی انتظامیہ نے گورنر بلوچستان کے احکامات اور عوامی مفادات کو مبینہ طور پر پسِ پشت ڈال کر بی ایس ڈی آئی فنڈز کی تقسیم میں من پسند افراد اور مخصوص اسکیموں کو نوازنے کی پالیسی اختیار کر رکھی ہے۔ چیف نادر سالانی (باقی صفحہ 3 نمبر 12)

ایران کے سخت گیر دھڑے نے امریکا کے ساتھ امن معاہدہ سبوتاژ کیا، امریکی اخبار

واشنگٹن (جی این ایم) امریکی اخبار نے کہا ہے کہ ایران میں سخت گیر دھڑے نے سیاسی اور عسکری قیادت کی اجازت کے بغیر جولائی میں آبنائے ہرمز میں بحری جہازوں پر حملہ کیا جس کے نتیجے میں ایران اور امریکا کے درمیان جون میں طے پانے والا امن معاہدہ سبوتاژ ہو گیا۔ امریکی اخبار نیویارک ٹائمز کے مطابق یہ حملے 6 اور 7 جولائی کی درمیانی شب کیے گئے جن میں قطر کے ایل این جی ٹینکر سمیت 3 تجارتی جہازوں کو نقصان (باقی صفحہ 3 نمبر 15)

لامرد میں امریکی حملے کے نشانات آج بھی موجود ہیں، اسماعیل بقائی

لاک ہیڈ مارٹن کے 4 کلسٹر میزائلوں نے 20 سے زائد ایرانی شہری شہید کیے، 180 ایرانی شہری زخمی ہوئے

تہران (جی این ایم) ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے کہا ہے کہ لامرد حملے کے [illegible] اثرات شہر کی دیواروں اور سڑکوں کے ساتھ متاثرہ خاندانوں کے ذہنوں (باقی صفحہ 3 نمبر 13)

مکہ مکرمہ میں بارانِ رحمت، مسجد الحرام میں روح پرور مناظر

مکہ مکرمہ (جی این ایم) مکہ مکرمہ میں بارانِ رحمت، مسجد الحرام میں روح پرور مناظر نے دل چھو لئے بارش کے دوران زائرین عبادت میں مصروف رہے، نمازیوں کی بڑی تعداد بارش کے دوران رب کے حضور سجدہ ریز رہی اور دعاؤں مناجات کا سلسلہ جاری رکھا۔ طواف کرنیوالوں کی تکبیرات اور اذکار نے فضا کو معطر کر دیا، بارش پر زائرین نے خوشی کا اظہار کیا اور اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ادا کیا، مکہ ٹاور پر بھی بجلی چمکنے کا منظر نے دل موہ لئے۔

بی ایم ایف کا پہلا مرکزی سیشن، آئین و منشور کی منظوری

ڈیجیٹل میڈیا پالیسی مسترد، تنظیمی دائرہ کار بڑھانے کا فیصلہ

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان میڈیا فورم کا پہلا مرکزی سیشن مرکزی صدر قیوم بلوچ کی صدارت میں کوئٹہ میں منعقد ہوا۔ جس میں فورم کی مرکزی کابینہ، مرکزی عہدیداران، اراکین سینٹرل کمیٹی اور بلوچستان کے مختلف علاقوں سبی، مچھ بولان، بھاگ، صحبت پور، بختیار آباد، ڈیرہ مراد جمالی، گوادر اور دیگر علاقوں سے تعلق رکھنے والے مرکزی ڈویژنل عہدیداران و اراکین (باقی صفحہ 3 نمبر 37)

سوراب، پی ایچ ای کے فنڈز کے باوجود پانی کی فراہمی میں ناکامی، جے یو آئی کا شفاف آڈٹ کا مطالبہ

تین بجٹ میں فنڈز ملنے کے باوجود زمینی حقائق برعکس ہیں، افسران عوام کے مسائل حل کرنے میں سنجیدگی کا مظاہرہ کریں، جے یو آئی

سوراب (یو این اے) جمعیت علما اسلام تحصیل سوراب کے عہدیداران نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں سوراب میں پبلک ہیلتھ انجینئرنگ (PHE) کے منصوبوں اور پانی کی فراہمی کی موجودہ صورتحال پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ سوراب کو مسلسل تین بجٹ میں پی ایچ ای کی مد میں فنڈز فراہم کیے گئے ہیں، تاہم زمینی حقائق اس کے برعکس دکھائی دیتے ہیں اور عوام (باقی صفحہ 3 نمبر 16)

تحصیل فرید آباد میں ہول سیلر سے 11 لاکھ روپے سے زائد کی بڑی ڈکیتی، مسلح ڈاکو فرار

جیانی ڈپ سے واپسی پر نقاب پوش ڈاکوؤں نے اسلحہ کے زور پر رقم لوٹ لی

صحبت پور (یو این اے) صحبت پور تحصیل فرید آباد سب سے بڑی ڈکیتی بیکری ہول سیلری سے 11 لاک سے زائد ڈکیتی۔ مسلح ڈاکو فرار ہونے کامیاب [illegible] پولیس کا وجود نہیں۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 14)

سانحہ شاہرگ کی شفاف تحقیقات کرائی جائیں، پاکستان سینٹرل مائنز لیبر فیڈریشن

حادثات کی روک تھام کیلئے ٹھیکیداری نظام ختم، روزانہ کی بنیاد پر مائنز انسپکشن یقینی بنائی جائے، سلطان خان

کوئٹہ (جی این ایم) پاکستان سینٹرل مائنز لیبر فیڈریشن اور آل پاکستان لیبر فیڈریشن نے ہرنائی کی تحصیل شاہرگ میں واقع (پی ایم ڈی سی) کی کوئلہ کان (ایریا نمبر 151) میں ٹھیکیدار فاروق ملیزئی کی زیر انتظام چلنے والی کان کے اندر گیس جمع ہونے کے باعث پیش آنے والے المناک حادثے میں 4 کانکنوں کی ہلاکت اور 5 مائن مزدوروں کے شدید زخمی ہونے پر دکھ اور (باقی صفحہ 3 نمبر 36)

سعودی ولی عہد محمد بن سلمان کی سینٹ کام کے سربراہ ایڈمرل بریڈ کوپر سے ملاقات

جدہ (جی این ایم) سعودی عرب کے ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان نے امریکی سینٹرل کمانڈ (سینٹ کام) کے سربراہ ایڈمرل بریڈ کوپر سے ملاقات کی سعودی سرکاری ٹیلی ویژن کے مطابق جدہ میں ہونے والی ملاقات میں خطے کی تازہ ترین صورتِ حال پر تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات میں دونوں ملکوں کے تعلقات پر بھی بات چیت کی گئی یہ ملاقات ایسے وقت میں ہوئی ہے جب یمنی حوثیوں (باقی صفحہ 3 نمبر 17)

اسلام آباد، چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی سپریم کورٹ آف پاکستان میں نئے عدالتی سال 2026-2027 کے آغاز پر فل کورٹ ریفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

ایران کے علاقے سیرک میں دھماکوں کی آوازیں سنائی دی گئیں

تہران (جی این ایم) امریکا اور ایران کے درمیان مابین حالیہ کشیدگی کے دوران ایک بار پھر ایران کے علاقے سیرک میں کئی دھماکوں کی آوازیں سنی گئی ہیں۔ ایرانی سرکاری میڈیا کے مطابق جنوبی شہر سیرک میں دھماکوں کی وجہ معلوم نہیں ہو سکی، سیرک کے علاقے میں ہی گزشتہ کئی دنوں سے امریکا کی طرف سے مسلسل حملے کیے جا رہے ہیں۔ ایرانی سرکاری ٹیلی وژن کے (باقی صفحہ 3 نمبر 35)

ایس پی حب مرزا بلال کی ہدایات پر کریک ڈاؤن، 6 منشیات فروش اور مطلوب ملزمان گرفتار

حب سٹی اور ہائٹ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 1500 گرام آئس اور 4 کلو سے زائد چرس پکڑ لی

حب (یو این اے) ایس پی حب مرزا بلال کی واضح اور سخت ہدایات پر ضلع حب میں منشیات فروشوں، سماج دشمن عناصر اور جرائم پیشہ افراد کے خلاف بلا امتیاز کریک ڈاؤن کا سلسلہ پوری تیزی سے جاری ہے۔ ڈسٹرکٹ پولیس حب نے مختلف کارروائیوں کے دوران مجموعی طور پر 6 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے 6 کلو 88 گرام منشیات برآمد کر لی ہے۔ پولیس کے مطابق حب سٹی پولیس اور ہائٹ پولیس نے مختلف کارروائیوں کے دوران 4 ملزمان کو حراست میں لیا، جن کے قبضے سے 1500 گرام اعلیٰ کوالٹی کی آئس (کرسٹل) اور 4 کلو 613 گرام چرس برآمد کی گئی۔ دوسری جانب بیروٹ پولیس نے بھی کارروائی کرتے ہوئے مختلف سنگین مقدمات میں مطلوب 2 اشتہاری و روپوش ملزمان کو دبوچ لیا۔ حب پولیس نے اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ منشیات (باقی صفحہ 3 نمبر 18)

تمام قیدیوں کے ساتھ مساوی سلوک ہونا چاہیے، وفاقی آئینی عدالت

اسلام آباد (یو این اے) وفاقی آئینی عدالت نے قیدیوں کو بانی پی ٹی آئی کی طرز پر طبی سہولیات کی فراہمی سے متعلق درخواستوں پر اٹارنی جنرل کو عدالتی معاونت کے لیے نوٹس جاری کرتے ہوئے تین قیدیوں کی اپیلوں پر دیگر فریقین کو بھی نوٹس جاری کر دیے، عدالت نے کیس کی مزید سماعت منگل تک ملتوی کر دی۔ چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالت جسٹس امین الدین (باقی صفحہ 3 نمبر 19)

ہیلتھ ایشیا نمائش: شعبہ صحت میں عالمی تعاون اور جدت کا نیا سنگِ میل

ایسے پروگرام پاکستان کے ہیلتھ سیکٹر میں نئی سرمایہ کاری، ٹیکنالوجی اور ریونیو کے مواقع پیدا کر سکتے ہیں، شہری

اسلام آباد (جی این ایم) 23 ویں ہیلتھ ایشیا نمائش کا انعقاد پاکستان کے شعبہ صحت میں عالمی تعاون اور جدت کا نیا سنگِ میل ثابت ہوا ہے۔ پاکستان کے سب سے بڑے بین الاقوامی ہیلتھ ایونٹ 23 ویں ہیلتھ ایشیا انٹرنیشنل ایگزیبیشن اینڈ کانفرنس کراچی میں منعقد ہوا، جسے ای (باقی صفحہ 3 نمبر 20)

حکومت نوجوانوں کو بیوقوف بنانے کی کوشش کر رہی ہے، جے ڈبلیو پی، جمعیت نظریاتی

کوئٹہ (اے این این) جمعیت علماء اسلام نظریاتی قلات اور جمہوری وطن پارٹی قلات نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ موجودہ بلوچستان حکومت بڑے بڑے دعوے اور وعدے کر کے عوام بالخصوص نوجوانوں کو بیوقوف بنانے کی کوشش کر رہی ہے۔ سرکاری محکموں میں نوجوانوں سے کاغذات جمع کروائے جاتے ہیں نامزدگیاں کی جاتی ہیں انٹرویوز لیے جاتے ہیں امیدوار (باقی صفحہ 3 نمبر 33)

بلوچستان محکمہ مواصلات و تعمیرات میں بڑا اقدام، 74 کیٹگریز کی 5 ہزار غیر ضروری آسامیاں ختم

جدید ٹیکنالوجی کے باعث غیر موثر پوسٹیں ختم، بلوچستان حکومت کو مستقبل میں اربوں روپے کی بچت متوقع

کوئٹہ (جی این ایم) محکمہ مواصلات و تعمیرات حکومت بلوچستان کی جانب سے ایک تاریخی اقدام اٹھاتے ہوئے محکمہ میں موجود 74 مختلف کیٹگریز کی تقریباً پانچ ہزار ایسی آسامیاں ختم کر دی گئی ہیں جن کا عملی کردار دورِ حاضر کی جدید ٹیکنالوجی اور جدید مشینری کے باعث مکمل طور پر ختم ہو چکا تھا اور مستقبل میں بھی ان آسامیوں کی ضرورت باقی نہیں رہی محکمہ مواصلات و تعمیرات کی جانب سے اٹھائے گئے اس اقدام کا مقصد محکمہ کے انتظامی و مالی ڈھانچے کو موجودہ دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا اور ایسی آسامیوں کو ختم کرنا ہے جن کا کردار جدید ٹیکنالوجی اور مشینری کے استعمال کے باعث ختم ہو چکا ہے ذرائع کے مطابق 74 مختلف کیٹگریز سے تعلق رکھنے والی تقریباً پانچ ہزار پوسٹوں کو ختم کر دیا گیا ہے، جبکہ مزید 1500 پوسٹوں کو ختم کرنے پر بھی کام جاری ہے۔ یوں محکمہ مواصلات (باقی صفحہ 3 نمبر 34)

ایم کیو ایم پاکستان انتظامی یونٹس کے قیام کے حق میں بھرپور پاور شو کرے گی، مصطفیٰ کمال

وقت آ گیا ہے پاکستان میں انتظامی ری سٹرکچرنگ کی جائے، جنرل ورکرز اجلاس خطاب

کراچی (جی این ایم) وفاقی وزیر صحت و ایم کیو ایم پاکستان کے رہنما مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ ایم کیو ایم پاکستان انتظامی یونٹس کے قیام کے حق میں بھرپور پاور شو کرے (باقی صفحہ 3 نمبر 21)

ہمیں احتجاج کا کوئی خوف نہیں، حکومت ان سے نمٹنے کیلئے تیار ہے، عابد شیر علی

وزیراعظم اور وزیراعلیٰ پنجاب مہنگائی کے جن کو قابو کرنے کیلئے دن رات محنت کر رہے ہیں، جلد قابو پا لیا جائیگا

فیصل آباد (آئی این پی) مسلم لیگ ن کے رہنما سینیٹر چوہدری عابد شیر علی نے کہا ہے کہ ہمیں احتجاج کرنے والوں کا کوئی خوف نہیں، حکومت ان سے نمٹنے کیلئے تیار ہے، وزیراعظم شہباز شریف اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف مہنگائی کے جن کو قابو کرنے کیلئے دن رات محنت کر رہے (باقی صفحہ 3 نمبر 22)

حکومت پاکستان کا شرح سود برقرار رکھنے کا اعلان

کراچی (اے این این) اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی مانیٹری پالیسی کمیٹی نے پالیسی ریٹ 11.5 فیصد پر برقرار رکھنے کا اعلان کر دیا۔ اسٹیٹ بینک کے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق اس حوالے سے اجلاس آج منعقدہ ہوا جس میں فیصلے کی 10 میں سے 7 ارکان نے حمایت کی۔ کمیٹی کے مطابق مشرق وسطیٰ میں جاری طویل تنازع شدت اختیار کرنے سے پہلے ہی بلند عالمی اجناس کی قیمتوں میں مزید اضافہ ہوا ہے جبکہ سپلائی چین میں رکاوٹیں برقرار ہیں تاہم ملکی سطح پر حالیہ (باقی صفحہ 3 نمبر 32)

اسلام آباد، ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر ممبر قومی اسمبلی فرح ناز اکبر کے سسر کے انتقال پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

سول ہسپتال اوستا محمد سے مبینہ طور پر غائب نومولود بچی بازیاب، خاتون گرفتار

اوستا محمد (اے این این) تحصیل ہیڈ کوارٹر سول ہسپتال اوستا محمد سے نومولود بچی کے مبینہ طور پر غائب ہونے کے واقعے پر ورثاء نے احتجاج کرتے ہوئے بچی کی فوری بازیابی کا مطالبہ کیا تاہم پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے مبینہ طور پر غائب ہونے والی نومولود بچی کو بازیاب کر لیا اور ایک خاتون کو حراست میں لے لیا۔ تفصیلات کے مطابق عبدالکریم کھوسہ نے اہلخانہ کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ صبح تقریباً 11 بجے ان کی اہلیہ کے ہاں بچی کی پیدائش (باقی صفحہ 3 نمبر 23)

روس کو بہت جلدی تباہ کر سکتے ہیں، نیٹو

یورپ روس کی باقی ماندہ ریفائننگ صلاحیت کو ہفتوں میں تباہ کر سکتا ہے، پولش وزیر خارجہ

وارسا (جی این ایم) پولینڈ کے وزیر خارجہ رادوسلاو سیکورسکی نے کہا کہ نیٹو کو فضائی طاقت میں "زبردست برتری" حاصل ہے اور اگر ماسکو نے حملہ کیا تو روس کو "کافی تیزی سے" شکست دے سکتا ہے۔ عالمی میڈیا رپورٹس کے مطابق انہوں نے کہا کہ یورپ روس کی باقی ماندہ ریفائننگ صلاحیت کو ہفتوں میں تباہ کر سکتا ہے۔ پولینڈ کے وزیر خارجہ رادوسلاو سیکورسکی نے کیف (باقی صفحہ 3 نمبر 24)

کوئٹہ، صوبائی مشیر ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی کو ویمن اینڈ جووینائل فسیلیٹیشن سینٹر سے متعلق بریفنگ دی جا رہی ہے

لیپکا بلوچستان کا سیکرٹری صاحبان سے حلف لینے کے اقدام کو سراہنے کا اعلان

پچھلے پانچ ماہ میں ہونے والی بھرتیوں کی بے ضابطگیوں کی غیر جانبدارانہ جانچ پڑتال کی جائے، حاجی سکندر علی لہڑی

کوئٹہ (یو این اے) آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن بلوچستان کے صوبائی صدر حاجی سکندر علی لہڑی صوبائی جنرل سیکرٹری ملک امیر زادہ علیزئی سینئر نائب صدر ثناء اللہ جام نائب صدر ملک صحبت خان مندوخیل نقیب اللہ کاکڑ اور دیگر کابینہ اراکین نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں وزیراعلیٰ بلوچستان کی جانب سے گزشتہ روز سیکرٹری صاحبان سے سرکاری ملازمتوں کو شفاف غیر جانبدارانہ اور میرٹ کے مطابق پر کرنے کرپشن اور ملازمتوں کی خرید و فروخت کی روک تھام کے حوالے سے حلف لینے کے اقدام کو قابل تحسین قرار دیتے ہوئے کہا کہ تمام سرکاری محکموں میں میرٹ اور اہلیت کی بنیاد پر بھرتیوں کو یقینی بنانے سے صوبے میں مثبت تبدیلی آئے گی اور بلوچستان کے پڑھے لکھے قابل اور اہل نوجوانوں کو ان کا جائز حق مل سکے گا۔ شفاف طریقہ کار کے تحت اہل نوجوانوں کی سرکاری ملازمتوں پر تقرری سے نہ صرف سرکاری اداروں کی کارکردگی بہتر ہوگی بلکہ عوام کے (باقی صفحہ 3 نمبر 27)

گڈانی کے قریب سمندر میں لانچ الٹنے سے 3 افراد جاں بحق، 3 کو بچا لیا گیا

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان کے ضلع حب کے قریب گڈانی میں حبکو کنڈالانہ گوٹھ کے قریب سمندر میں کشتی چٹان سے ٹکرا کر الٹ گئی، حادثے کے نتیجے میں 6 افراد سمندر میں ڈوب گئے۔ حکام کے مطابق حادثے کے بعد امدادی کارروائی کے دوران 3 افراد کو بحفاظت سمندر سے نکال لیا گیا، جبکہ لاپتہ افراد کی تلاش کے لیے ایدھی فاؤنڈیشن کی بحری خدمات نے سرچ اینڈ ریسکیو آپریشن شروع کیا۔ ایدھی حکام کے مطابق سرچ آپریشن کے دوران مزید 2 لاپتہ افراد کی (باقی صفحہ 3 نمبر 26)

یمن میں 3 ستمبر سے اب تک 150 عام شہری جاں بحق ہوئے، حکومت

جاری کشیدگی کے خاتمے کیلئے سفارتی کوششیں تیز کی جائیں، یمنی حکومت کا عالمی برادری سے مطالبہ

صنعا (جی این ایم) یمن کی سعودی حمایت یافتہ حکومت نے کہا ہے کہ ملک میں 3 ستمبر سے جاری کشیدگی اور پرتشدد واقعات کے نتیجے میں اب تک کم از کم 150 عام شہری مارے جا چکے ہیں۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق حکام کا کہنا ہے کہ مختلف علاقوں میں ہونے والی کارروائیوں کے دوران بڑی تعداد میں شہری متاثر ہوئے ہیں، جبکہ متعدد افراد کے زخمی ہونے کی بھی اطلاعات ہیں۔ یمنی حکومت نے شہری آبادی کو درپیش صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ (باقی صفحہ 3 نمبر 25)

یمن کی حوثی تنظیم انصار اللہ کا سعودی عرب میں ایئر بیس پر حملے کا دعویٰ

صنعا (جی این ایم) یمن کی حوثی اکثریتی تنظیم انصار اللہ نے سعودی عرب میں ڈرونز اور میزائلوں سے حملے کا دعویٰ کیا ہے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹ کے مطابق حوثیوں کا کہنا ہے کہ سعودی عرب کے علاقے خمیس مشیط میں ایئر بیس کو نشانہ بنایا ہے۔ یمن کی حوثی اکثریتی تنظیم انصار اللہ کے مطابق خمیس مشیط کا شمار سعودی عرب کے بڑے ایئر بیسز میں ہوتا ہے۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز یمن کی حوثی اکثریتی تنظیم انصار اللہ نے بحیرہ احمر کے اسٹریٹجک جزیرے میون پر قبضے کا دعویٰ کیا (باقی صفحہ 3 نمبر 30)

کراچی، نادرا سہولت سینٹرز پر ویکسی نیشن فیس کی ہزاروں روپے زائد وصولی کا انکشاف

ایئرپورٹ انتظامیہ کی ڈیجیٹل ویکسینیشن کارڈ لازمی قرار دینے کی ڈیڈ لائن موخر کرنے کی سفارش

کراچی (جی این ایم) کراچی کے نادرا سہولت سینٹرز پر ویکسی نیشن فیس کیلئے عمرہ زائرین سے ہزاروں روپے زائد وصول کیے جانے کا انکشاف ہوا ہے۔ رپورٹ کے مطابق پاک آئی ڈی ایپ پر انفلوائنزا ویکسی نیشن کی فیس 1720 اور گردن توڑ بخار ویکسین کی فیس 2785 روپے ہے جو مجموعی طور پر 4505 روپے بنتے ہیں۔ سہولت سینٹر پر سروس چارجز کے طور پر 150 روپے وصول کرنے چاہئیں مگر بیشتر سہولت سینٹرز پر قطاریں لگی دیکھی گئیں اور مجموعی طور پر 6 سے 7 ہزار روپے کی وصولی کیے جا رہے ہیں۔ عمرہ زائرین کی اکثریت کو جدید موبائل فون اور پاک آئی ڈی کے بارے میں معلومات نہیں جس کی وجہ سے بیشتر سینٹرز پر لوٹ مار بہت تیزی سے جاری ہے۔ دوسری جانب کراچی کے جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر انتظامیہ نے عمرہ زائرین کے لئے نادرا سے منسلک ڈیجیٹل ویکسینیشن کارڈ لازمی قرار دینے کی ڈیڈ لائن موخر کرنے کی سفارش کی ہے۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 31)

نئے صوبوں کا قیام ملک کی بہتر انتظامی، معاشی اور سماجی ترقی کیلئے ضروری ہے، بلال کاکڑ

خصوصاً قدرتی وسائل سے مالا مال علاقوں میں مقامی آبادی کو ترقی کے ثمرات پہنچانے اور سرمایہ کاری کے مواقع پیدا کرنے کے لیے مؤثر انتظامی نظام ناگزیر ہے

بہتر انتظامی تقسیم سے وسائل کی منصفانہ اور مؤثر تقسیم ممکن ہوگی اور دور دراز علاقوں کو ان کے مسائل کے حل کے لیے زیادہ بااختیار بنایا جا سکے گا، وائس چیئرمین سرمایہ کاری بورڈ

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ نئے صوبوں کا قیام ملک کی بہتر انتظامی، معاشی اور سماجی ترقی کے لیے ضروری ہے۔ بڑے انتظامی یونٹس کی تقسیم سے حکومتی اداروں کی کارکردگی بہتر، عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی مؤثر اور پسماندہ علاقوں کی ترقی کے عمل کو تیز کیا جا سکتا ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان کے انتظامی ڈھانچے کو عوامی ضروریات کے مطابق بہتر بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ نئے صوبوں کے قیام سے نہ صرف عوام اور حکومت کے درمیان فاصلے کم ہوں گے بلکہ مقامی سطح پر روزگار، سرمایہ کاری، تعلیم، صحت اور دیگر شعبوں میں ترقی کے نئے مواقع بھی پیدا ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ بہتر انتظامی تقسیم سے وسائل کی منصفانہ اور مؤثر تقسیم (باقی صفحہ 3 نمبر 28)

کوئٹہ، صوبائی وزیر صحت بخت محمد کا ہیڈ آفس مرک کے دورے کے موقع پر کنٹرول روم کا معائنہ کر رہے ہیں

سیکیورٹی فورسز کی کارروائی دہشت گردوں کے لیے کاری ضرب ہے، ظہور بلیدی

فتنہ الہندوستان کے خلاف کارروائی ریاستی عزم کا واضح اظہار، دہشت گردی کے مکمل سدباب تک کارروائیاں جاری رہیں گی

فتنہ الہندوستان کے خلاف کارروائی سے دہشت گردی کے خاتمے کا ریاستی عزم واضح ہوگیا ہے، صوبائی وزیر پی اینڈ ڈی بلوچستان

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی وزیر پی اینڈ ڈی بلوچستان میر ظہور بلیدی نے مستونگ میں دہشت گردوں کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی کو سراہتے ہوئے اسے امن دشمن عناصر کے لیے کاری ضرب قرار دیا ہے۔ انہوں نے دہشت گردوں کے مذموم عزائم کو بروقت ناکام بنانے پر سیکیورٹی فورسز کو شاندار خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس کارروائی سے دہشت گردی کے ناسور کے مکمل خاتمے کے لیے ریاستی عزم مزید واضح ہو گیا ہے۔ میر ظہور بلیدی کا کہنا تھا کہ مستونگ آپریشن سیکیورٹی فورسز کی بروقت حکمتِ عملی اور ان کی اعلیٰ پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ انہوں نے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ ملک دشمن عناصر کو کسی صورت بلوچستان کے امن کو سبوتاژ کرنے کی اجازت نہیں دی (باقی صفحہ 3 نمبر 29)